روحانی وجسمانی امراض، نفسیاتی، ذہنی، کاروباری الغرض تمام الجھنوں اور پریشانیوں کا حل خزینہ روحانیات میں

September 2016

ماہنامہ

خزینہ روحانیات

لاہور



Rs.50

جلد نمبر 7

شمارہ نمبر 5

لوح استحکامِ محبت

چاند اور سورج گرہن کے اعمال

اوج مشتری کا مجرب عمل

خواتین اسلام کی دس قرآنی صفات

تسخیرات کے نایاب اعمال

لوح خاص برائے منظوری درخواست

میاں بیوی اپنا اپنا جائزہ لیں

اولادِ نرینہ کے حصول کے مجرب اعمال

بندش کے سرتاج عمل کے عامل بنیں

یہ عمل بندش کا سرتاج عمل ہے۔ بندش سے مراد کسی چیز کو باندھنے کے ہیں۔ یہ عمل خیر اور شر، دونوں میں چلتا ہے۔ اس عمل سے کیا کیا کام لئے جاسکتے ہیں؟ مختصراً درج ذیل کام لے سکتے ہیں۔ باقی عامل کی مرضی ہے کہ وہ کیا کیا کام لے سکتا ہے۔ یاد رہے کہ بندش کا عمل صرف اور صرف اس جگہ کیا جائے، جہاں شریعت اجازت دے۔ کسی معتبر مفتی صاحب سے پوچھ کر عمل کیا جائے۔ جو لوگ ناجائز کریں گے، ان شاء اللہ ان کا عمل بھی بے اثر ہوگا اور شدید رجعت بھی ہوگی۔ ادارہ ایسے تمام افراد سے بری الذمہ ہے۔

سورج گرہن 1 ستمبر 2016ء بروز جمعرات لگے گا..... چاند گرہن 16 ستمبر 2016ء بروز جمعہ لگے گا

شادی، منگنی، رشتہ، محبت، طلاق وغیرہ

- محبت میں کسی کی عقل و خرد باندھنا تاکہ شدید محبت کرے
- کسی خاص جگہ کے لئے نکاح باندھنا کہ وہیں ہو
- نکاح باندھنا تاکہ کسی جگہ نکاح نہ ہو
- کسی خاص جگہ پر نکاح باندھنا تاکہ نکاح نہ ہو
- مخصوص جگہ منگنی باندھنا
- طلاق باندھنا: تاکہ شوہر طلاق نہ دے سکے یا بیوی خلع نہ لے
- محبت باندھنا: تاکہ مطلوبہ فرد رجوع کرے
- رخصتی بارات باندھنا
- محبت کو ختم کرنا: تاکہ مطلوبہ فرد سے جدائی ہو
- نیند باندھنا: تاکہ مطلوبہ فرد رابطہ کرے

عام فیس
5100 روپے

ممبران کے لئے
4100 روپے

بدکاری، ناجائز تعلقات، زنا، بد فعلی وغیرہ

- عورت کو زناء سے باندھنا تاکہ کسی بھی مرد سے زنا نہ کرسکے
- مرد کو زناء سے باندھنا تاکہ کسی بھی عورت سے زنا نہ کرسکے
- عورت کو زناء سے باندھنا تاکہ کسی خاص مرد سے زنا نہ کرسکے
- مرد کو زناء سے باندھنا تاکہ کسی خاص عورت سے زنا نہ کرسکے
- مرد کو بدفعلی سے باندھنا تاکہ کسی بھی مرد سے بدفعلی نہ کرسکے

مرض، حمل، صحت وغیرہ

- درد سر باندھنا
- حمل باندھنا: تاکہ عورت کو حمل نہ ہو
- صحت باندھنا
- مرد کا نطفہ باندھنا: تاکہ مرد کے نطفے سے حمل نہ ٹھہرے

حروف صوامت کے وہ عاملین، جنہوں نے یہ عمل کسی اور کی زیر نگرانی کیا ہو، وہ خصوصی اعمال کی کاپی 1500 روپے میں حاصل کریں۔

معاش، نوکری، ترقی، عہدہ وغیرہ

- عہدہ باندھنا کہ نہ ہٹے
- ترقی باندھنا
- دوکان باندھنا — **نوٹ** دکان کی جگہ آستانہ، مطب، فیکٹری وغیرہ لکھا جاسکتا ہے۔
- سفر باندھنا: تاکہ اندرون و بیرون ملک سفر نہ کرسکے۔ **نوٹ** کسی خاص شہر یا ملک کا نام لکھا جاسکتا ہے۔
- کسی کی معاش باندھنا

بری عادات

- چوری کرنے کی عادت کو باندھنا
- شراب نوشی کی عادت باندھنا
- مارنے کی عادت باندھنا تاکہ کسی کو بھی نہ مار سکے
- مارنے و گالیاں دینے کی عادت باندھنا تاکہ کسی کو نہ مارے اور نہ گالی دے سکے
- قدم باندھنا تاکہ گھر سے باہر نہ رہے
- بے جا غصہ باندھنا

یہ عمل ہر کوئی سیکھ سکتا ہے، چاہے اُس نے کوئی عمل کیا ہو یا نہ کیا ہو۔

زبان بندی، دشمن وغیرہ

- زبان بندی: تاکہ مخالف شخص کی سائل کے حق میں زبان بند ہوجائے
- مخلوق کی زبان بندی کے لئے: تاکہ کوئی بھی سائل کے خلاف نہ بولے
- دشمنی باندھنا: تاکہ دشمن دشمنی چھوڑ دے
- حسد باندھنا: تاکہ دشمن حسد نہ کرے
- نیند باندھنا: دشمن حد سے گذر جائے تو اس کی نیند سزا کے طور پر باندھنا

متفرق

- کسی خاص گھر جانے سے روکنا
- عقل و خرد باندھنا: تاکہ سائل کے حق میں تسخیر ہوجائے۔
- نظر باندھنا: تاکہ دیکھنے کی عادت ختم ہو۔ کچھ لوگوں میں ہوتی ہے کہ فضول میں کسی بھی چیز یا شخص کو گھور گھور کر دیکھتے ہیں
- کسی کا عمل باندھنا: تاکہ اس عامل کا عمل نہ چلے

اس طرح کے اور بہت کام ہیں جو کئے جاسکتے ہیں۔ ہمارا مقصد اس علم کو سکھانے سے ہرگز یہ نہیں کہ معاشرے میں فساد پھیلے۔ اس لئے ہر کسی کو نہیں سکھایا جاتا۔ حلف نامہ بھی لیا جاتا ہے اور ضرورت پڑنے پر کسی معتبر اور مستند عالم یا مفتی صاحب کا تصدیقی خط بھی مانگا جاسکتا ہے۔

■ سورج گرہن صبح 11:13 پر شروع ہوگا۔ دوپہر 02:01 پر مکمل لگے گا۔ شام 05:00 پر سورج گرہن بالکل ختم ہوجائے گا۔ ■ چاند گرہن رات 09:54 پر لگنا شروع ہوگا۔ رات 11:54 پر مکمل لگے گا۔ رات 01:53 پر چاند گرہن بالکل ختم ہوجائے گا۔

ناظم روحانی درسگاہ **0346-4661681** (صبح 10 بجے تا 5 بجے، علاوہ جمعہ)

رابطہ: 0343-7772772 ruhanidarsgah@gmail.com, darulamal.org/ruhanidarsgah

اسلامی، تصوف، روحانی، عملیاتی، طبی، نفسیاتی، معاشرتی مضامین کا حامل مقبول ترین میگزین

ماہنامہ لاہور

خزینۂ روحانیات

جلد 7 ذوالحجہ ۱۴۳۷ھ......ستمبر 2016ء شمارہ 5

مدیر اعلیٰ: خالد مقبول عارف حفظہ اللہ

مدیر: مولانا حافظ علی آفاق صاحب

معاون مدیر: مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر صاحب

مجلس مشاورت

- غلام سرور شباب صاحب (حویلی لکھا)
- ابوانس صاحب (لاہور)
- مولانا قاری ابوبکر صاحب (اسلام آباد)
- محمد علیم صاحب (لاہور)
- محمد صالح صاحب (مظفر آباد)
- مولانا قاری ممتاز صاحب (لاہور)

سرکولیشن، اشتہارات و شکایات: 0322-4773786

خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس نمبر 9119، لاہور۔ 54570

فون: 042-35410586 موبائل: 0343-7772772

ادارہ کا کسی مضمون نگار سے متفق ہونا ضروری نہیں

مشیر قانونی: چوہدری فیصل منظور (ایڈوکیٹ ہائی کورٹ)

بیرون ملک: +92-322-7772772

برصغیر پاک و ہند میں شائع ہونے والا واحد رسالہ جو ہر سال ''دو خاص نمبر'' شائع کرتا ہے

Web: darulamal.org/magazines/ruhani
Blog: khazinaeruhaniyaat.blogspot.com
Facebook: facebook.com/khazinaeruhaniyat
Facebook: facebook.com/khazina.ruhaniyaat
Twitter: twitter.com/khazinaruhanyat
Email: khazinaeruhaniyaat@gmail.com

قیمت فی شمارہ	سالانہ ممبر شپ عام ڈاک	سالانہ ممبر شپ رجسٹرڈ ڈاک
50 روپے	650 روپے	1000 روپے

رقم کی ادائیگی کے طریقے

1 منی آرڈر: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور کے پتہ پر کریں۔ اپنا نام، مکمل پتہ، موبائل نمبر اور رقم بھیجنے کا مقصد واضح لکھیں۔

2 شناختی کارڈ کے ذریعے ادائیگی: JazzCash (موبی لنک)۔ ایزی پیسہ (ٹیلی نار)۔ ٹائم پے (زونگ)۔ اومنی (یوبی ایل)۔ موبائل پیسہ (وارد)۔ HBL ایکسپریس کے ذریعہ 1-35202-2610215 پر رقم ارسال کریں اور 0307-5525103 پر کوڈ sms کریں۔

3 موبائل اکاؤنٹس: درج ذیل موبائل اکاؤنٹس میں رقم جمع کرواسکتے ہیں۔

ٹیلی نار 03437727721 .... یوبی ایل اومنی 03437772772

JazzCash 03028401977 ...... یوپیسہ 33343082867

4 بینک ڈپازٹ: میزان بینک میں بنام خالد مقبول رقم جمع کروائیں۔ برانچ کوڈ (0212) اکاؤنٹ نمبر 0100377637

نوٹ: رقم جمع کرانے یا بھیجنے کے بعد بذریعہ SMS یا کال کر کے لازمی مطلع فرمائیں۔ تمام مالی معاملات میں صرف یہ موبائل نمبر استعمال کریں: 0322-4773786

ادائیگی کی تفصیلات کیلئے: darulamal.org/payment

خالد مقبول صاحب پبلشر نے مساوات محمدی پرنٹرز (لاہور) سے چھپوا کر ادارہ دارالعمل چشتیہ 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور سے شائع کیا

فہرست مضامین ....ستمبر ۲۰۱۶ء..........ذی الحج ۱۴۳۷ھ

حمد باری تعالیٰ

سماء و ارض کی پہنائیوں میں گونجتا ہے
وہ جس کے نام سے ہوتی ہماری ابتدا ہے
زمینوں، آسمانوں میں وہ نورِ لم یزل ہے
اسی کے اسم سے روشن مرے دل کا دیا ہے
تہِ سنگِ گراں ننھے سے کیڑے کا بھی رازق
وہ رب العالمین ہی سب جہانوں کا خدا ہے
اسی سے ہیں ہمارے نالے،فریادیں کہ دائم
جُڑا اس سے دعاؤں کا ہماری سلسلہ ہے
دلِ مومن کے اندر ہے سمایا وہ سراسر
اگرچہ وہ زمین و آسماں سے ماورا ہے
تصور کا جہاں آباد اس کے ذکر سے ہے
تخیل کی بھی وادی میں اسی کا تذکرہ ہے
وہی افتادگانِ خاک کا دمساز و مونس
وہی ہر بے نوا کا آخری اک آسرا ہے
بغیرِ مصطفیٰ ﷺ اس تک نہیں ممکن رسائی
حدِ ادراک سے باہر وہ ذاتِ کبریا ہے
لئے کشکول نیّر بھی پڑا ہے اس کے در پر
گدایانہ جہاں ہر کجکلاہ و شہ کھڑا ہے

(ضیاء نیّر)

نعتِ رسولِ مقبولِ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم

سرکار ہے چہرے پہ مرے گردِ سفر بھی
کشکول میں بھر لایا ہوں اشکوں کے گہر بھی
صحرا میں مسافر پہ کئے رکھا ہے سایہ
سرشار محبت میں ہیں رستے کے شجر بھی
آقا، مری تہذیب کہیں کھوئی ہوئی ہے
روپوش ہیں صدیوں سے مرے شمس وقمر بھی
تھامے نہ اگر آپ کی توصیف کا پرچم
کس کام کا، سرکار مرا دستِ ہنر بھی
زخمی ہیں مرے پاؤں مگر چلنا پڑے گا
کانٹوں سے بھری رہتی ہے ہر راہ گذر بھی
پھر گردِ مفادات میں گم ہیں مری آنکھیں
پھر چشمِ عنایت مرے آقا ہو اِدھر بھی
میں جھوٹ کو سینے سے لگانے کا ہوں مجرم
کب باقی رہا میری دعاؤں میں اثر بھی
دیوارِ شبستان پہ اندھیرے ہیں مسلط
محروم اجالوں سے ہے دامانِ سحر بھی
آقا جی، ریاض آپ کی چوکھٹ پہ کھڑا ہے
کھو جائے مدینے میں کہیں اس کی نظر بھی

(ریاض حسین چودھری)

زکوٰۃ، حج، قربانی کی اہمیت

مولانا علی آفاق (مدیر خزینۂ روحانیات)

آج ہمارے اردگرد معیشت کا چکر یوں چلایا گیا ہے کہ کسی بھی شعبہ سے تعلق رکھنے والے کے پاس آج اپنے لیے، اپنے گھر کیلئے یا خاندان کیلئے وقت نہیں ہے۔ ہمارے پاس اتنا وقت نہیں کہ اپنے فرائض اور مذہب کو ہی سمجھ سکیں یا کچھ سیکھ سکیں اور شاید اس میں برابر کی کوتاہی ان ممبر پر بیٹھے علماء کی بھی ہے جنہوں نے عوام کو فروعی مسائل میں الجھا کر ایک دوسرے کو کافر تو بنایا ہے مگر ضروری مسائل کی طرف کبھی عوام کی توجہ نہیں دلائی اور بات یہاں تک پہنچ چکی ہے کہ ارکانِ دین کی بھی فکر نہیں اور جہاں فکر ہے، وہاں ان کے متعلق علم اور ضروری معلومات نہیں ہے۔

آج ہم مسلمان تو ہیں لیکن اسلامی تعلیمات سے جتنی واقفیت ہے، وہ قابلِ بیان نہیں۔ ہر کوئی اپنے گریباں میں دیکھ لے تو اس کا ضمیر خود اس کو جواب دے گا۔

میرے اس مضمون کا مقصد اسلام کی تین اہم عبادات کی طرف توجہ دلانا ہے۔ یقینی طور پر ہر مسلمان ان کے احترام اور مقام کو سمجھتا ہے لیکن صرف ان کی طرف دوبارہ سے توجہ دلانا مقصود ہے اور وہ یہ ہیں: زکوٰۃ، حج اور قربانی۔

اب یکے بعد دیگرے ہر ایک کو تفصیلاً ذکر کیا جاتا ہے۔

زکوٰۃ

زکوٰۃ اسلام کے ارکان میں سے ایک اہم رکن ہے۔ زکوٰۃ ہر صاحب نصاب (یہ جاننے کے لیے کہ صاحب نصاب کا مطلب کیا ہے، کسی قریبی مستند عالم یا مفتی سے معلوم کرلیں) پر فرض ہے۔

زکوٰۃ کے متعلق بے شمار قرآنی آیات شاہد ہیں اور نماز کے ساتھ تقریباً ہر مقام پر زکوٰۃ کا بھی ذکر ہے۔ (وَاَقِیْمُوا الصَّلٰوۃَ وَاٰتُوا الزَّکٰوۃَ) نماز قائم کرو اور زکوٰۃ ادا کرو۔ اور حضور اکرم ﷺ کی بھی بے شمار احادیث زکوٰۃ کی فرضیت اور اہمیت پر دال ہیں۔

دورِ صحابہؓ میں بھی اس پر بہت کام ہوا۔ حتیٰ کہ وہ ہستی، جس کا مقام تمام انبیاء کے بعد سب سے پہلے ہے اور جن کو شفقت کا قلعہ سمجھا جاتا ہے، عاجزی جن کا خاصہ نما ہے، لیکن جب حضور ﷺ کی رحلت کے بعد حضرت ابوبکر صدیقؓ کی خلافت آئی تو انہوں نے بھی منکرین زکوٰۃ کے خلاف جہاد کیا۔

زکوٰۃ کے مقاصد: اسلام میں مقاصدِ زکوٰۃ کو اگر دیکھا جائے تو شاید کتب کی کتب اس پر بھر جائیں، لیکن ایک مثالی معاشرے اور دوسروں کی مشکلات کے حل اور معیشت کو متوازن رکھنے کے لیے اور آپس کی محبت کے لئے اور ملکی ترقی اور بے شمار دیگر فوائد، زکوٰۃ کی ادائیگی سے حاصل ہو سکتے ہیں۔ ہمارا المیہ یہ ہے کہ ہمارے معاشرے میں بہت سے لوگ ایسے ہیں جن کو اس بات کا علم ہی نہیں ہے کہ وہ صاحب نصاب ہیں اور جن کو یہ علم ہے کہ وہ صاحبِ نصاب ہیں، ان کو یہ علم نہیں کہ زکوٰۃ کب، کتنی، کیسے اور کس کو دینی ہے؟

بہت سے لوگ اس لاعلمی میں اس اہم عبادت سے محروم رہ جاتے ہیں اور حق دار اپنا حق کو وصول کرنے سے محروم رہ جاتے ہیں۔ لیکن معاشرے کی تنگ نظری نے ہماری سوچوں پر ایسا اثر کیا ہے کہ ہم ان مسائل کو پوچھتے بھی شرماتے ہیں۔ لیکن اسلامی تعلیم کے حوالے سے میری ذمہ داری ہے کہ میں آپ سب حضرات سے یہ گزارش کروں کہ آپ تمام حضرات اپنے کسی قریبی مستند عالم/مفتی سے ان مسائل کو سمجھ لیں تاکہ ہم سب نہ صرف زکوٰۃ کی ادائیگی کر کے فرض سے سبکدوش ہوسکیں، ساتھ میں روزِ قیامت اپنے نبی ﷺ کو چہرہ دکھانے اور ان کے امتی کہلانے پر فخر محسوس کرسکیں۔

حج

حج اسلام کے ارکان میں سے ایک بڑا رکن ہے۔ ایک بات جو ہمیں ذہن نشین کر لینی چاہئے کہ اللہ تعالیٰ کو ہماری عبادات کی ضرورت نہیں ہے،

بلکہ ہمیں ان ہی عبادات کو کرنے کی حاجت ہے۔

حج ہر اُس صاحبِ نصاب پر فرض ہے جس کے پاس ایامِ حج میں اتنے پیسے ہوں جن سے وہ فریضہ ٔحج کی ادائیگی اور اہل خانہ کا خرچہ موجود ہو۔ دیگر شرائط بھی لازم ہیں حج کی فرضیت کے لئے جو کہ آپ کسی صاحب علم سے دریافت کرلیں۔

حج کے متعلق قرآنی آیات موجود ہیں جو کہ اس کی فرضیت اور اہمیت کی طرف رہنمائی کرتی ہیں۔

اور حضور ﷺ کی بے شمار احادیث حج کی اہمیت کو بیان کرتی ہیں، جن میں سے فقط ایک حدیث کا مفہوم تحریر کیا جاتا ہے جو کہ ہمارے دلوں کو ہلا دینے کے لئے کافی ہے۔

مفہوم حدیث: حضور اکرم ﷺ نے فرمایا کہ ''**جو شخص استطاعت کے باوجود حج نہیں کرتا اور پھر اسی حالت میں مرجائے تو ہماری طرف سے چاہے وہ یہودی ہو کر مرے یا نصرانی ہو کر مرے، ہمیں اس کی کوئی پرواہ نہیں ہے**''۔

حج ایک مشقت بھرا اور بے حد صبر کے ساتھ کرنے والا عمل ہے۔ اس لئے اللہ تعالیٰ جن لوگوں کو اپنے گھر بلائے، ان کو چاہیئے کہ وہ اس کے تمام ارکان کو پہلے سے مکمل سمجھ کر جائیں۔

اور حج کے فضائل کے لئے حضور اکرم ﷺ کی حدیث مبارکہ کا مفہوم ہے کہ ''**جو شخص حج کر کے آیا اور اس کا حج مقبول ہوا تو اللہ تعالیٰ اس کے پچھلے تمام گناہ معاف فرمادیں گے اور گویا کہ وہ شخص گناہوں سے ایسا پاک ہوگا جیسے کہ آج پیدا ہونے والا بچہ ہوتا ہے**''۔

المیہ: ہمارا المیہ یہ ہے کہ بہت سے لوگ پوری زندگی یہ جانتے ہی نہیں کہ ان کے ذمے یہ فریضہ لازم ہو چکا ہے۔ اس لئے ہمیں چاہئے کہ ہم جس طرح اپنی صحت کا خیال رکھتے ہیں، اسی طرح اپنے ایمان اور ارکانِ اسلام کا بھی خیال رکھیں۔ اور اس کے لئے اپنے اردگرد کسی قریبی مستند عالم/مفتی سے رابطہ کر کے اپنی تمام عبادات کے متعلق صحیح اور مکمل معلومات حاصل کریں۔

لڑکیوں پر شادی کے بعد جہیز زیور اور دیگر قیمتی سامان کی ملکیت کی بنا پر سال گذرنے کی صورت میں، صاحبِ نصاب ہونے کے بعد زکوٰۃ کی ادائیگی لازم ہوگی۔ اور اگر اتنے پیسے کی ملکیت ہے، جو حج کے سفر اور دیگر اخراجات کے لیے کافی ہیں تو اس صورت میں حج فرض ہو جاتا ہے۔ اس لئے انتہائی احتیاط کے ساتھ علماء کرام سے مسائل معلوم کرلیں۔

قربانی

قربانی ایک اہم عبادت ہے جو اس اُمت کو اُمتِ ابراہیمی کے صدقے ملی ہے۔ اس کے واجب ہونے پر قرآن، حدیث اور اجماع صحابہؓ، سب موجود ہیں۔ آج کچھ بیرونی تنظیمیں جانوروں پر ظلم کے نام سے لوگوں کو متنفر کرتے ہیں۔ یاد رکھئے! ہم جس مذہب کے پیروکار ہیں، اس میں عبادات کو عقل پر نہیں پرکھا جاتا کیونکہ حضرت ابراہیم علیہ السلام نے بیٹے کے گلے پر چھری تو چلا دی مگر یہ نہیں پوچھا کہ ایسا کیوں کیا جائے۔ اس لئے ہمیں عبادات کو عقل پر پرکھنے کی بجائے اسلامی تعلیمات پر توجہ مرکوز رکھنی چاہیئے۔

قربانی کس پر واجب ہے اور کب اور کس طرح کرنی چاہئے؟ اور اس کے گوشت کا مصرف کیا ہے؟ اور دیگر مسائل تفصیل طلب ہیں۔ ان تمام مسائل کو سیکھنے کے لئے کسی مستند عالم/مفتی سے رابطہ کریں۔

اگر کوئی شخص پچھلے کئی سالوں کی قربانی نہ کرسکا ہو اور اب کسی موقع پر قربانی کا خیال اور احساس پیدا ہوگیا تو اب قربانی کی صورت یہ ہوگی کہ قربانی کے 3 دنوں میں اپنی پچھلی فوت شدہ قربانیاں کرے۔ پیسے ہرگز نہ دے۔ اور اگر کوئی شخص فوت ہوگیا اور اس کے ذمہ قربانی تھی تو اب اس کے ورثاء کو اس کی طرف سے قربانی کرنی چاہئے لیکن اگر کسی وجہ سے پیسے دے دیں تو بھی جائز ہے۔

نوٹ جن لوگوں کے ذمہ کئی سالوں کی قربانی ہے اور وہ ان کو ادا کرنا چاہیں، وہ دارالعمل چشتیہ ٹرسٹ میں رابطہ کرسکتے ہیں۔ بہت مناسب رقم فی حصہ میں وہ اپنی سابقہ قربانیاں کرسکتے ہیں۔ اس بارے میں مزید معلومات کے لیے رابطہ فرمائیں: 0343-7772772

ظاہرین و مستورین اولیاء اللہ

صوفی غلام سرور شباب صاحب مدظلہ

یہ غازی یہ تیرے پُر اسرار بندے
جنہیں تونے بخشا ہے ذوقِ خدائی
دو نیم اِن کی ٹھوکر سے صحرا و دریا
سمٹ کر پہاڑ اِن کی ہیبت سے رائی

ان کا وجودِ مسعود حضرت آدم علیہ السلام کے زمانہ سے لے کر نبی آخرالزمان ﷺ تک رہا ہے۔اور حضور کے عہدِ مبارک سے لے کر ظہورِ امام مہدی اور نزول حضرت عیسیٰ علیہ السلام تک رہے گا۔کائنات کے قیام اور نظام کا دارومدار ان ہی مردانِ خدا پر ہے۔عبدو معبود کے درمیان کا رشتہ انہیں کی تعلیمات و ہدایات پر قائم ہے۔امورتکوینی کے انصرام اور تصرفات کونیہ کی قدرت سے مشرف ہوتے ہیں۔ان کی برکات سے بارشیں برستی ہیں۔نباتات پر سرسبزی آتی ہے۔کائنات ارضی پر مختلف قسم کے حیوانات کی زندگی انہی کی نگاہِ کرم کی مرہونِ منت ہے۔شہری آبادیاں تقلبِ احوال وتخول اقبال،سلاطین کے عروج وزوال۔انقلابات زمانہ،اغنیاء ومساکین کے حالات میں ردوبدل۔اصاغرواکابر کی ترقی وتنزل،جنود دُعا کا اجتماع وانتشار۔بلاؤں اور وباؤں کا رفع ودفع ہونا۔غرضیکہ اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی کروڑوں طاقتوں کا مظاہرہ انہیں کے اختیار میں ہے۔آفتاب عالم تاب خداوندتعالیٰ کے عطا کردہ نور سے تمام کائنات کو روشن رکھتا ہے۔اسی طرح اللہ تعالیٰ اپنے غیب الغیب سے ایک نور ان حضرات پر وارد کرتا ہے۔جس سے وہ بنی آدم کے نظام کی اصلاح کرتے رہتے ہیں۔ان حضرات کو دو قسموں میں تقسیم کیا جاتا ہے۔

1۔اولیاءاللہ ظاہرین(ابدالین)

2۔اولیاءاللہ مستورین(رجال الغیب)

اولیاء ظاہرین کے سپرد مخلوقِ خدا کی ہدایت،اصلاح ہوتی ہے۔یہ لوگ مخلوقِ خدا کی ہدایت اور اصلاح کے لیے اپنی زندگیاں وقف کردیتے ہیں اور اپنے فرائض سے کبھی غافل نہیں ہوتے۔وہ دشوارترین حالات کے سامنے بھی اپنے کام پر مامور رہتے ہیں۔

اولیاء مستورین کے سپرد انصرام امورتکوینی ہوتا ہے۔یہ اغیار کی نگاہوں (نگاہِ ظاہرین سے مستور اور پوشیدہ ہوتے ہیں)۔مگر یہ بھی صاحب خدمت ہوتے ہیں۔انہیں اپنے انصرامی امور کی سرانجام دہی کے سلسلہ میں اظہار کی ضرورت نہیں ہوتی۔انہیں اصطلاحِ صوفیہ میں مردانِ غیب یا رجال الغیب کہا جاتا ہے۔ان میں سے ایسے لوگ بھی ہوتے ہیں جو انبیاء علیہم السلام کی اتباع میں ان کے قدم بہ قدم چل کر عالم شہادت تک رسائی حاصل کرتے ہیں۔اور مستوی الرحمٰن کا مقام پاتے ہیں۔وہ نہ تو پہچانے جاسکتے ہیں اور نہ ہی ان کے وصف بیان کیے جاتے ہیں۔حالانکہ وہ عام انسانی شکل میں رہتے ہیں۔اور عام انسانوں میں صبح وشام مصروفِ کار رہتے ہیں۔ظاہر بین نگاہ ان پُراسرار ہستیوں کے کمالات واحوال کے ادراک سے ہمیشہ محروم رہی ہے۔مگر اہل دِل نے ان رجال اللہ کے فیضان سے نہ صرف فائدہ اٹھایا بلکہ دنیا کے بادشاہوں کی تمام فتوحات ان صاحب اسرار بزرگوں کی نگاہ کی حکمرانی کے سامنے ہیچ اور بے وقار دکھائی دی۔ان اولیاء اللہ کے بارے میں کسی شاعر نے کیا خوب کہا ہے کہ

نگاہ برق نہیں چہرہ آفتاب نہیں
وہ آدمی ہے مگر دیکھنے کی تاب نہیں

ان میں سے ایسے حضرات بھی ہیں جو اپنے اپنے مقامات پر متعین ہیں۔عالمِ احساس میں جس انسان کی شکل چاہیں اختیار کرسکتے ہیں،لوگوں کو پردہ غیب سے پیچھے کی خبریں دیتے ہیں۔پوشیدہ امور سے بعض اوقات پردہ اٹھا دیتے ہیں۔اور پھر ان میں سے ایسے حضرات بھی ہیں جو تمام کائناتِ ارضی پر پھرتے ہیں۔لوگوں سے اپنا تعارف کراتے ہیں اور پھر آناً فاناً غیب ہوجاتے ہیں۔ان سے باتیں کرتے ہیں۔ان کی مشکلات کا حل بتاتے ہیں۔ان کے مسائل کا جواب دیتے ہیں اور جنگلوں،پہاڑوں،صحراؤں اور

سمندروں میں قیام کرتے ہیں۔ایسے حضرات میں سے قوی تر حضرات شہروں میں بھی قیام کرتے ہیں۔صفات بشری کے ساتھ صبح وشام بسر اوقات کرتے ہیں ۔آبادیوں میں اعلیٰ مکانات میں رہائش پذیر ہوتے ہیں۔احباب کی شادی اورغمی میں برابر شریک ہوتے ہیں۔لوگوں کو اپنے معاملات میں شریک کرتے ہیں۔بیمار پڑتے ہیں تو اپنے حلقہ احباب سے عیادت کراتے ہیں،علاج کراتے ہیں۔اولاد اسباب ، احوال واملاک رکھتے ہیں لوگوں کی دشمنیوں ، بدگمانیوں،ایذا رسانیوں اور حسد وبغض کے اثرات برداشت کرتے ہیں۔مگر اللہ تعالیٰ ان کے حسنِ احوال اور کمالات باطنی کو اغیار کی نگاہوں سے پوشیدہ رکھتا ہے۔صاحبانِ نظر ان سے فائدہ اٹھاتے ہیں،صاحبانِ احوال ان کی زیارت کو آتے ہیں۔

مندرجہ بالا مردان خدا (رجال الغیب) کو بارہ اقسام میں منقسم کیا گیا ہے۔

1۔اقطاب	2۔غوث	3۔امامان
4۔اوتاد	5۔ابدال	6۔اخیار
7۔ابرار	8۔نقبا	9۔نجبا
10۔عمد	11۔مکتوبان	12۔مفردان

اقطاب

ہر زمانہ میں صرف ایک قطب ہوتا ہے۔ یہ قطب سب سے بڑا ہوتا ہے۔ اسے مختلف ناموں سے پکارا جاتا ہے۔قطبِ عالم،قطبِ کبریٰ ،قطب الارشاد،قطبِ مدار، قطبُ الاقطاب،قطبِ جہاں اور جہانگیرِ عالم، عالم علوی اور عالم سفلی میں اِسی کا تصرف ہوتا ہے۔اور سارا عالم اسی کے فیض وبرکت سے قائم ہوتا ہے۔اگر قطبِ عالم کا وجود درمیان سے ہٹا دیا جائے تو سارا عالم درہم برہم ہوکر رہ جائے۔قطب عالم براہِ راست اللہ تعالیٰ سے احکام وفیض حاصل کرتا ہے اور ان فیوض کو اپنے ماتحت اقطاب میں تقسیم کرتا ہے۔وہ دنیا کے کسی بڑے شہر میں سکونت رکھتا ہے۔ بڑی عمر پاتا ہے۔اپنے ماتحت اقطاب کے تقرر، تنزل اور ترقی کے اختیار کا مالک ہوتا ہے۔ولی کو معزول کرنا، ولایت کو سلب کرنا، ولی کو مقرر کرنا، اس کے درجات میں ترقی دینا اسی کے فرائض میں شامل ہے۔وہ ولایت شمس پر فائز ہوتا ہے لیکن اس کے ماتحت اقطاب کو ولایت قمر میں جگہ ملتی ہے۔قطب عالم اللہ تعالیٰ کے اسم رحمٰن کی تجلی کا مظہر ہوتا ہے۔سرکار دوعالم ﷺ مظہر خاص تجلی الولایت ہیں۔قطب عالم سالک بھی ہوتا ہے۔اور اس کا مقام ترقی پذیر ہوتا ہے۔حتیٰ کہ وہ مقام فردانیت تک پہنچ جاتا ہے۔یہ مقام محبوبیت ہے۔رجال اللہ میں اس قطب کا نام عبداللہ بھی ہے۔اسی لیے سید عبدالقادر کو محبوبِ سبحانی کہا جاتا ہے۔

ابدال

مولانائے روم نے ابدال کی تعریف میں فرمایا ہے کہ

کیست ابدال؟ آنکہ اُومُبدل شود
خمرش ازتبدیلِ یزداں خل شود

ابدال کون ہے؟ جو کہ تبدیل ہوجائے
اللہ کے تبدیل کردینے سے اُس کی شراب سرکہ بن جائے

یعنی اُس میں جس قدر اخلاقِ رذیۂ ہوں وہ اخلاقِ حسنہ میں تبدیل ہوجائیں۔منہج القوی شرح مثنوی میں مذکور ہے۔

وَرَدَاَنَّ الْاَنْبِیَاءِ کَانُوْااَوْتَادَ الْاَرْضِ فَلَمَّااِنْقَطَعَتِ النُّبُوَّۃُ اَبْدَلَ اللّٰہُ مَکَانَھُمْ اَقْوِیَاءَ مِنْ اُمَّۃِ اَحْمَدَ صَلَّی اللّٰہُ عَلَیْہِ وَسَلَّمَ یُقَالُ لَھُمُ الْاَبْدَالُ لَمْ یَفْضُلُوا النَّاسَ بِکَثْرَۃِ صَوْمٍ وَّ لَا صَلٰوۃٍ وَّلٰکِنْ بِحُسْنِ الْخُلُقِ وَصِدْقِ النِّیَّۃِ وَسَلَامَۃِ الْقُلُوْبِ لِجَمِیْعِ الْمُسْلِمِیْنَ۔

ترجمہ:''منقول ہے کہ انبیاء زمین کے اوتاد تھے۔جب نبوت ختم ہوگئی تو اللہ تعالیٰ نے آنحضور ﷺ کی اُمت میں سے قوی لوگوں کو اُن کے بدلے میں عنایت فرمادیا جن کو ابدال کہا جاتا ہے۔اُن کی نمازیں اور روزے لوگوں سے زیادہ نہیں ہوتے ہیں۔ہاں اُن میں حسنِ خلق اور نیت کی سچائی اور دِل کی سلامتی سب مسلمانوں کیلئے ہوتی ہے''۔

(مثنوی مولانا روم دفتر سوم) (جاری ہے)

شکر کا بیان

تحریر: حضرت امام غزالیؒ

شکر ایسی صفت ہے جو خود مقصود بالذات ہے اور فی نفسہ مطلوب ہے اور یہی وجہ ہے کہ شکر کا وجود جنت میں بھی ہوگا اور شکر وہاں کی نعمتوں پر بندے ضرور ادا کریں گے۔قول الحمدللہ رب العلمین ہوگا۔شکر ادا کرنے کے لئے شکر کی ماہیت معلوم ہونی ضروری ہے یعنی اول علم ہونا چاہئے کہ شکر کیا چیز ہے؟ اور جب یہ معلوم ہوگا تو ایک حالت خاص پیدا ہوگی اور پھر اس حالت خاص کے بعد عمل متفرع ہوگا۔شکر کے تین رکن ہیں۔

شکر کا رکن اول یعنی حال اور عمل

پہلا رکن: علم یعنی نعمت اور منعم سے واقف ہونا نیز یہ سمجھنا کہ تمام نعمتیں اللہ تعالیٰ ہی مرحمت فرماتا ہے اور جس قدر اسباب اور واسطے اس نعمت کے ہم تک پہنچنے ہیں، پیش آئے ہیں، وہ سب اللہ پاک ہی کے قبضہ میں ہیں کہ اس کے حکم کے بغیر نہ کوئی ذرہ حرکت کرسکتا ہے اور نہ کوئی چیز کسی کو مل سکتی ہے اور اس کے سمجھنے سے دو باتیں پیدا ہوں گی۔ایک منعم سے خوش ہونا، دوم اس کی خدمت گزاری اور امتثال امر میں سرگرمی کرنا۔ان ہی دو حالتوں کا نام حال اور عمل ہے۔

شکر کا دوسرا رکن یعنی حال کہ نعمت کے آلہ طاعت ہونے پر خوشی ہو

دوسرا رکن حال یعنی منعم کی اس نعمت پر اس وجہ سے خوش ہونا کہ منعم کا عطیہ ہے اور خضوع وتذلل کی ہیئت ظاہر کرنا کیونکہ بادشاہ اگر کسی غلام کو گھوڑا بھیجے تو اس کی خوشی تین وجہ سے ہوتی ہے۔

اول: اس وجہ سے کہ کام کی چیز ہاتھ آگئی کہ گھوڑے پر سوار ہو کر بیسوں ضرورتیں رفع ہوں گی۔

دوم: اس وجہ سے کہ یہ عطیہ بتلا رہا ہے کہ بادشاہ کی اس غلام پر توجہ اور عنایت ہے جس سے آئندہ کسی بڑی اور اس سے بھی زیادہ مفید نعمت کے ہاتھ آنے کی امید ہے۔

سوم: اس وجہ سے گھوڑا اس کی سواری بنے گا اور اس پر سوار ہو کر اپنے منعم آقا کے حضور میں حاضر ہو کر شاہی خدمت بجالا سکے گا۔ان میں پہلی وجہ تو کوئی چیز ہی نہیں ہے اور دوسری وجہ شکر میں داخل ضرور ہے مگر ضعیف ہے البتہ تیسری وجہ شکر کا درجہ کمال ہے کیونکہ جو کچھ بھی اللہ تعالیٰ مرحمت فرمادے اس پر اس وجہ سے خوش ہونا کہ یہ چیز کوئی کارآمد چیز ہے ٹھیک نہیں ہے کیونکہ شکر کے یہ معنی ہیں کہ اس پر اس وجہ سے خوش ہو کہ یہ اللہ تعالیٰ تک پہنچنے کا وسیلہ اور ذریعہ ہے اور اس کی علامت یہ ہے کہ ایسی نعمت پر خوشی نہ پیدا ہو جس کے سبب اللہ سے غفلت پیدا ہوجائے اور ذکر الٰہی بھول جائے بلکہ ایسی حالت پر رنجیدہ ہو۔ہاں جس نعمت کے ذریعہ سے دنیوی تفکرات رفع ہوں اور اطمینان قلب نصیب ہو یعنی اللہ کی یاد میں اعانت حاصل ہو اس پر خوشی ومسرت ہونی چاہئے پس جو شخص شکر کا یہ درجہ کمال حاصل نہ کرسکے تو خیر وہ دوسرا ہی درجہ حاصل کرے، باقی پہلے درجہ کو تو شکر سے کوئی مناسبت ہی نہیں ہے۔

تیسرا رکن یعنی عمل اور ہر نعمت کا طاعت خدا میں استعمال

تیسرا رکن عمل ہے یعنی اللہ تعالیٰ کی دی ہوئی نعمت کو اس کی رضامندی رکھنے میں استعمال کرنا اور یہ اس وقت ہوسکتا ہے جب کہ مخلوق کی پیدائش کے اغراض ومقاصد اور یہ بات معلوم ہوجائے کہ کیا کیا چیز کس کس کام کے لئے پیدا ہوتی ہے مثلاً آنکھ اللہ کی ایک نعمت ہے اور اس کا شکر یہ ہے کہ اس کو اللہ کی کتاب قرآن مجید اور علم دین کی کتابوں کو دیکھنے اور آسمان وزمین جیسی بڑی مخلوق کے اس غرض سے مشاہدہ کرنے میں صرف کرے کہ عبرت حاصل ہو اور خالق برتر کی عظمت وکبریائی سے آگاہی حاصل ہو نیز ستر کے دیکھنے اور عورت پر نظر ڈالنے سے اس کو روکے رکھے۔زبان کو یاد خدا اور حمد وثنا اور اظہار شکر میں مشغول رکھے اور تنگ دستی یا تکلیف میں شکوہ یا شکایت سے باز رہے کہ اگر کوئی حال بھی پوچھے تو شکایت کا کلمہ نہ نکلنے پاوے کیونکہ شہنشاہ کی شکایت ایسے ذلیل وبے بس غلام کے سامنے زبان سے نکلنا جو کچھ بھی نہیں کرسکتا، یہ بالکل فضول اور معصیت میں داخل ہے اور اگر شکر کا کلمہ زبان سے نکل گیا تو طاعت میں شمار ہوگا۔

قلب کا شکر یہ ہے کہ اس کو فکر وذکر اور معرفت واخلاص میں استعمال کرے اور اوصاف حمیدہ سے اس کو آراستہ کرے اور خصائل رذیلہ سے پاک وصاف رکھے۔

روحانی و مخفی علوم پر کتب کا ذخیرہ

خط و کتابت: مکتبۃ العارف، دار العمل چشتیہ، پوسٹ بکس 9119، لاہور
042-35410586, 0332-4487877, 0322-4773786

اس ماہ کی منتخب روحانی کتب پیش خدمت ہیں
ممبران، علماء، عاملین اور خواص کے لیے زبردست ڈسکاؤنٹ

کتاب	مصنف	عام قیمت
حرز سلیمانی	حضرت خواجہ اشرف علی لکھنوی	170
جنات، جادو اور ہمزاد	ابوالکاشف کشفی قلندری	350
مفتاح العملیات	محمد الیاس عادل	300
روحانی دنیا کے انوکھے بھید	حکیم محمد طارق محمود مجذوبی	180
باکمال عاملین کے بے مثال تجربات	حکیم محمد طارق محمود مجذوبی	250
جنات کا پیدائشی دوست	علامہ لاہوتی پُراسراری	300
خاندانی مسائل کا طبی و نفسیاتی نچوڑ	حکیم محمد طارق محمود مجذوبی	450
کامیاب عامل بنئے	حکیم محمد طارق محمود مجذوبی	180
قرآن و سنت کی روشنی میں حل المشکلات	محمد الیاس عادل	250
شمع شبستان قادری (دس حصے)	صوفی محمد ندیم محمدی	1200
حالِ دل	حکیم محمد طارق محمود مجذوبی	180
مشکل کشا اعجاز قرآنی حل المشکلات	محمد الیاس عادل	180
عملیات شادی	ڈاکٹر حشمت جاہ	75
تسخیر القلوب	حضرت پیر سید ارتضی علی کرمانی	100
تسخیر ہمزاد	سید حسین شاہ گیلانی	100
سورۃ ق سے دینی و دنیاوی بیماریوں کا علاج	علامہ محمد جاوید	100
اسمائے محمد ﷺ سے دینی و دنیاوی بیماریوں کا علاج	علامہ محمد جاوید	100
اسمائے الٰہی سے دینی و دنیاوی بیماریوں کا علاج	علامہ محمد جاوید	100
علماء اہلحدیث کے آزمودہ عملیات	حکیم محمد طارق محمود مجذوبی	300
جن اور شیاطین کی دنیا کتاب و سنت کی روشنی میں	شیخ عمر سلیمان اشقر	160
قدرت کا انعام اور انتقام	حکیم محمد طارق محمود مجذوبی	300
کمالات ہپناٹزم	شوکت علی شاکر قادری	210
قرآنی سورتوں سے جادو کا توڑ	سید ذیشان نظامی	360
تاشون	شاذلی سعید مغل	500
اسماء الحسنیٰ	سید ذیشان نظامی	180
اسماء الحسنیٰ سے جادو ٹونے کا توڑ	سید ذیشان نظامی	360
کالے جادو کی حقیقت اور توڑ	سید ذیشان نظامی	360
دعاؤں اور وظائف سے گھریلو پریشانیوں کا حل	سید ذیشان نظامی	200
مقدس عملیات (مکمل 2 حصے)	حکیم مولوی نہال عباسی	225
شوگر کا سائنسی اور روحانی علاج	حکیم محمد طارق محمود مجذوبی	200

بدترین پریشانیوں کیلئے لاجواب وظائف	حکیم محمد طارق محمود مجذوبی	144
کولیسٹرول کا سائنسی اور روحانی علاج	حکیم محمد طارق محمود مجذوبی	120
تحفۃ العالمین معروف بہ طلسمات نادرہ	محمد اسحاق ظفر	350
اسلامی وظائف	مولانا عبدالسلام بستوی	250
سراج العملیات و تعویذات	قبلہ کریم بخش جلالی	250
اسرار مخفی کا قرآنی علاج	محمد اشرف امروہی	250
معارف الاسماء شرح اسماء الحسنیٰ	قاضی محمد سلیمان سلمان منصور	160
عملیات محبت	ڈاکٹر حشمت جاہ	75
عملیات روزگار	ڈاکٹر حشمت جاہ	75
تسخیر جنات	سید حسین شاہ گیلانی	100
روحانیت، جادو اور وہم	حکیم محمد طارق محمود مجذوبی	400
مثالی حافظہ اور آزمودہ نبوی ﷺ عمل	حکیم محمد طارق محمود مجذوبی	40
ہارٹ اٹیک سے بچاؤ کی روحانی اور سائنسی ترکیب	حکیم محمد طارق محمود مجذوبی	180
پرسکون زندگی کی تلاش نبوی طریقے اور جدید سائنس	حکیم محمد طارق محمود مجذوبی	120
عملیات روحانی امراض	ڈاکٹر حشمت جاہ	50
جادو کا علاج	حافظ محمد اسحاق (کویت)	150
شمع شبستان رضا (حصہ اول تا ہفتم)	اقبال احمد نوری	550
کالا جادو اور مستند روحانی علاج	محمد جاوید قادری	330
علم جفر	شوکت علی شاکر قادری	220
عامل کامل (اول دوئم یکجا)	شوکت علی شاکر قادری	450
جادو کا توڑ خود کیجیے	ڈاکٹر حشمت جاہ	150
اسرار عملیات	ڈاکٹر ظہور الحسن شازب	225
حاجت روا مشکل کشا	محمد الیاس عادل	250
روحانی عملیات	عالم فقری	180
پنجسورہ	سید علی حسن شاہ	130
خواص کامل سورۃ الرحمن	السید علی حسین شاہ	100
پتھروں سے علاج	سید ذیشان نظامی	600
ارشاد العالمین	علامہ ارشد حسین ثاقب	520
جادو کا آسان اور شرطیہ علاج	سید علی حسین شاہ	250
علم النجوم	شوکت علی شاکر قادری	210

پتہ: 586 کامران بلاک، علامہ اقبال ٹاؤن، لاہور۔
فون پر رابطہ کر کے تشریف لائیں۔ بروز جمعۃ المبارک مکتبہ بند رہے گا

darulamal.org/bookshop, maktabatulaarif.blogspot.com, info@darulamal.org

یامتعالی کے خواص اور اثرات

حضرت مولانا انظر شاہ کاشمیری رحمۃ اللہ

یامتعالی کے خواص اور اثرات

یہ اسم جمالی ہے اور بعض کے نزدیک مشترک ہے، اس کے اعداد پانچ سو اکیاون (۵۵۱) ہیں۔

پریشانی ختم ہو

جو شخص اپنی کسی پریشانی میں اسم پاک کو وظیفہ کو کثرت سے پڑھے پریشانی جاتی رہے۔

حیض کے دوران تکلیف نہ ہو

جو عورت حیض کے زمانہ میں اس کو کثرت سے پڑھے اس کو حیض کی تکلیف نہ ہو۔

درجات بلند ہوں

جو شخص اپنے مراتب بڑھانے کے لیے اور اللہ تعالیٰ سے خلوص سے محبت قائم کرنے کے لیے ایک سو ایک (۱۰۱) بار اس کا وظیفہ روزانہ پڑھے، اس کے درجات بلند ہو جائیں۔

تمام مشکلات آسان ہوں

اور جو کوئی ترکِ حیوانات کے ساتھ چالیس (۴۰) روز سوا لاکھ (۱۲۵۰۰۰) بار ہر روز پر تقسیم کر کے، چالیس دن تک پڑھے، اس کی تمام مشکلات آسان ہو جائیں۔ لیکن پرہیز کا خاص خیال رکھے اور کسی عامل سے اجازت لے کر پڑھے، ورنہ نقصان اٹھائے گا۔

تمام کام آسان ہوں

اور جو کوئی کثرت سے اسے پڑھتا رہے، اس کے تمام کام آسان ہو جائیں۔

حائضہ تمام آفات سے بچی رہے

اگر حائضہ عورت اپنے دل کی زبان سے اسے پڑھے، تمام آفات سے بچی رہے۔

دعا قبول ہو

اور اگر کوئی رات کے وقت غسل کرے اور آسمان کی طرف نظر کرے اور انتہائی عاجزی سے اس اسم سے اللہ کو پکارتے ہوئے، اللہ کے حضور جس قسم کی دعا کرے، ان شاء اللہ قبول ہو جائے۔

المتعالی کا نقش معظم:

۷۸۶

ل	ع	ی	ت	ا	م
ا	ت	ل	م	ی	ع
ی	م	ع	ا	ل	ت
م	ا	ت	ی	ع	ل
ت	ل	ا	ع	م	ی
ع	ی	م	ل	ت	ا

درود پاک کے صدقے مرض سے نجات

بعض صلحاء میں سے ایک صاحب کو پیشاب بند ہونے کا عارضہ لاحق ہو گیا۔ انہوں نے خواب میں عارف باللہ حضرت شیخ شہاب الدین بن ارسلان رحمۃ اللہ علیہ کو جو کہ بڑے زاہد اور عالم تھے، دیکھا اور ان سے اپنے مرض کی شکایت و تکلیف بیان کی۔ انہوں نے فرمایا ”تم عمدہ، تجربہ شدہ نسخے سے کیوں غافل ہو؟ یہ درود شریف پڑھا کرو:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی رُوْحِ سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ فِی الْاَرْوَاحِ وَ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی جَسَدِہٖ فِی الْاَجْسَادِ وَ صَلِّ وَسَلِّمْ عَلٰی قَبْرِہٖ فِی الْقُبُوْرِ“

خواب سے بیدار ہو کر ان صاحب نے اس درود شریف کو کثرت سے پڑھا اور ان کا مرض جاتا رہا۔ (فضائل درود شریف، ص ۵۷)

آیت قطب کے مجرب اعمال

انتخاب: مولانا علی آفاق صاحب

سورۂ اٰلِ عمران کی آیت نمبر ۱۵۴ کو آیتِ قطب کہتے ہیں۔ وہ آیت یہ ہے: ثُمَّ اَنْزَلَ عَلَيْكُمْ مِّنْۢ بَعْدِ الْغَمِّ اَمَنَةً نُّعَاسًا يَّغْشٰى طَآئِفَةً مِّنْكُمْ ۙ وَطَآئِفَةٌ قَدْ اَهَمَّتْهُمْ اَنْفُسُهُمْ يَظُنُّوْنَ بِاللّٰهِ غَيْرَ الْحَقِّ ظَنَّ الْجَاهِلِيَّةِ ۭ يَقُوْلُوْنَ هَلْ لَّنَا مِنَ الْاَمْرِ مِنْ شَيْءٍ ۭ قُلْ اِنَّ الْاَمْرَ كُلَّهٗ لِلّٰهِ ۭ يُخْفُوْنَ فِيْٓ اَنْفُسِهِمْ مَّا لَا يُبْدُوْنَ لَكَ ۭ يَقُوْلُوْنَ لَوْ كَانَ لَنَا مِنَ الْاَمْرِ شَيْءٌ مَّا قُتِلْنَا هٰهُنَا ۭ قُلْ لَّوْ كُنْتُمْ فِيْ بُيُوْتِكُمْ لَبَرَزَ الَّذِيْنَ كُتِبَ عَلَيْهِمُ الْقَتْلُ اِلٰى مَضَاجِعِهِمْ ۚ وَلِيَبْتَلِيَ اللّٰهُ مَا فِيْ صُدُوْرِكُمْ وَلِيُمَحِّصَ مَا فِيْ قُلُوْبِكُمْ ۭ وَاللّٰهُ عَلِيْمٌۢ بِذَاتِ الصُّدُوْرِ ﴿۱۵۴﴾

جنات اور جادو کے توڑ کے لیے

یہ آیت سات (۷) دفعہ پڑھ کر مریض کی آنکھوں، سر اور کان میں پھونک ماریں۔ ان راستوں سے جادو اور جنات داخل ہوتے ہیں۔ وہ بند ہو جائیں گے۔ دن میں دو دفعہ یہ عمل کریں۔ اول و آخر درود ابراہیمی۔ مجرب ہے۔ ان شاء اللہ جنات اور جادو کا اثر زائل ہو جائے گا اور مریض کو سکون آجائے گا۔

جلدی امراض کے لیے

ہر قسم کے جلدی امراض مثلاً خارش، انفیکشن کے لیے اس کا عمل بہت مفید ہے۔ سات (۷) دفعہ یہ آیت پڑھ کر مریض پر دم کر دیں۔ ان شاء اللہ خارش ختم ہو جائے گی۔

بچوں کی بیماری کے لیے

چھوٹے بچوں کا ڈر جانا، رونا، سوکھا پن، دودھ نہ پینا، سبق یاد نہ ہونا، نظر کا کمزور ہونا...... ان بیماریوں کے لیے یہ آیت اکسیر ہے۔ اول و آخر درود ابراہیمی سات (۷) دفعہ صبح اور سات (۷) دفعہ شام پڑھیں۔ ان شاء اللہ پانچ یا سات دن مسلسل یہ عمل کرنے سے بچوں کی جملہ بیماریاں ختم ہو جائیں گی۔

آدھے سر کے درد کے لیے

آدھے سر کے درد کے لیے اول و آخر درود ابراہیمی، اکیس (۲۱) دفعہ آیت پڑھ کر اکیس (۲۱) پھونکیں مریض کو ماریں۔ ان شاء اللہ جلد آرام آجائے گا۔

ہر قسم کی مرگی کے لیے

ہر قسم کی مرگی کے لیے صبح و شام اکیس (۲۱) مرتبہ پڑھ کر پھونک ماریں اور مریض کے مکمل ٹھیک ہونے تک یہ عمل کرتے رہیں۔ اول و آخر درود شریف لازمی پڑھیں۔

کینسر کے لیے

کینسر کی کوئی بھی قسم ہو، پھوڑا ہو یا جسم کا کوئی بھی حصہ متاثر ہو، صبح و شام اکتالیس (۴۱) مرتبہ پڑھ کر مریض کو دم کر دیں۔ مکمل صحت یابی تک یہ عمل روزانہ کرتے رہیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ پہلے سے بہت فرق محسوس ہوگا۔

لاعلاج امراض کے لیے

کسی بھی لاعلاج مرض کے لیے، جس سے ڈاکٹر حکیم عاجز آگئے ہوں، اکتالیس (۴۱) مرتبہ، اول و آخر درود ابراہیمی پڑھ کر مریض پر پھونکیں اور پانی پر بھی پھونکیں۔ یہی پانی مریض کو پلائیں بلکہ سارا دن پلاتے رہیں۔ پانی کم ہو جائے تو اور ڈال لیا کریں۔ صبح کے وقت یہ عمل کر لیا کریں اور اگلی صبح پھر یہی عمل دہرائیں۔

کسی بھی مقصد کے لیے

کسی بھی نیک مقصد کے لیے اول و آخر درود ابراہیمی سات، (۷) مرتبہ یہ آیت پڑھ کر ہاتھوں پر پھونکیں اور پھر چہرے پر مل لیں۔ ان شاء اللہ ضرور کامیابی حاصل ہوگی۔

(بقیہ ص 61)

عملیات بخاری

قیمت: 750 روپے

تالیف: پیر سید صفدر شاہ بخاریؒ (قلمی کا عکس)

فوٹوسٹیٹ (امپورٹڈ پیپر).................. صفحات: 175

عمل اعداد متحابہ ☆ حب کی سات بتیاں ☆ عمل عدوات تیر بہدف ☆ عمل تسخیر جفر ☆ عمل جلالی ☆ فتح نامہ ☆ لوح نور ☆ کاروبار کی رکاوٹ ☆ خاتمہ بندش شادی وجادو ☆ درد سے نجات ☆ تسخیر افسران بالا ☆ محبت زوجین ☆ درد گردہ ☆ ترقی کاروبار ☆ بدزبان بیوی ☆ مشکلات سے نجات ☆ حصول رزق ودولت ☆ تسخیر خلق ☆ بکری زیادہ ☆ غلبہ دشمناں ☆ تسخیر مستورات ☆ محبوب مسخر ☆ مقدمہ کامیابی ☆ مخالف کی زبان بندی ☆ عمل یصلب ☆ عمل عظیم تحویل آفتاب ☆ رشتہ صالحہ ☆ ہر قسم کا جادو ختم ☆ ہمزاد حاضر ☆ قبضہ چھڑوانا ☆ تباہی دشمن ☆ اولاد نرینہ ☆ بچوں کی ذہانت کیلئے ☆ دست غیب ☆ بندش ختم ☆ ملازمت وترقی ☆ ناجائز تعلقات باندھنا ☆ فروخت مال ومتاع ☆ شادی کی بندش ختم ☆ عمل شفاء ☆ عمل عقود ☆ نوادرات ☆ ادائیگی قرض..........وغیرہ وغیرہ

ایک خفیہ کتاب

کلید جفر عرف اعجاز زاہدی

قیمت: 480 روپے

کشتی خدا پہ چھوڑ دے لنگر کو توڑ دے

فوٹوسٹیٹ (امپورٹڈ پیپر)...... صفحات: 250

باجازت سوامی پرمانند اوگھڑ گھاٹ مسان بنارس

قواعد عملیات ☆ شرائط عملیات ☆ اصول عملیات سفلی وعلوی ☆ ساعت نامہ سیارگان ☆ جدول طلوع وغروب ☆ مؤکلات کو بلانا ☆ حاضرات سلیمانؑ ☆ حاضرات جن بادشاہ ☆ حاضرات ہنومان ☆ حاضرات ناخون پیر ☆ بیر مؤکلات ☆ سولہ منتر ☆ پساچنی دیوی کے تین منتر ☆ منتر مسان ناتھ ☆ منتر گنگارام اوگھڑ ☆ منتر گھور بھیروں ☆ منتر سالگرام ☆ منتر اکال بھیروں ☆ منتر شیخ سدو ☆ منتر بابا شیدا نندا ☆ منتر کالی دیوی ☆ منتر قبضہ بھوت ☆ منتر مسان ☆ منتر بڑھیا ڈائن ☆ منتر سید سالار ☆ عمل ہمزاد ☆ منتر ہلاک دشمن ☆ منتر حیدر ☆ منتر کلوبیر ☆ منتر جوتا ☆ منتر بول بند ☆ منتر موٹھ چالو ☆ منتر پون جاری..........وغیرہ وغیرہ

طب وعملیات پر ایک عامل کی خفیہ ڈائری

خفیہ بیاض زاہدی

قیمت: 750 روپے

تالیف: حافظ زاہد محمود سلامتپوری (قلمی کا عکس)

فوٹوسٹیٹ (امپورٹڈ پیپر)........... صفحات: 174

حصہ عملیات: لوح امساک ☆ منتر برائے حفاظت ☆ اعمال حب ☆ منتر ☆ جادو کا توڑ مجرب ☆ ہر قسم کا درد دور ☆ آسیب ☆ مندرے ☆ طویل امساک کا طلسم ☆ عسر ولادت ☆ حفاظت حمل ☆ عمل حب ☆ دشمن برباد ☆ نظر بد ☆ جادو آسیب ختم ☆ ڈینگی بخار کیلئے آیات شفاء ☆ آنکھوں کا درد ☆ پھوڑے دنبل ☆ اٹھرا بدن درد ☆ دانت درد کے دم ☆ بخار ☆ مچھر غائب ☆ دشمن کو ذلیل کرنا ☆ بواسیر ☆ شعبدہ بازی ☆ اپنی بات منوانا ☆ شوگر ☆ سر درد ☆ مویشی اگر دودھ نہ دے ☆ مرگی ☆ منتر بواسیر ☆ آسانی حمل ☆ درج چھاتی ☆ طاعون ☆ عمل موکلات ☆ اعلیٰ درجہ کی ملازمت ☆ استخارہ باموکل ☆ استخارہ نفع ونقصان ☆ پسند کا رشتہ ☆ دولت مندی ☆ شادی میں رکاوٹ ☆ دنیا مہربان ہو ☆ قید سے رہائی ☆ ہر حاجت پوری ☆ آسیبی طلسم ☆ مندرہ شاہ علیؒ..........وغیرہ وغیرہ

عملیات زاہدی (نایاب تحفہ)............ صفحات: 283

روحانی نعمت خانہ

تالیف: حافظ زاہد محمود سلامتپوری.......... قلمی فوٹوسٹیٹ (امپورٹڈ پیپر)

قیمت: 750 روپے

سورۃ اخلاص باموکل ☆ عمل حب باموکل ☆ دشمن کا فتیلہ ☆ ناجائز تعلقات چھڑانا ☆ ہمزاد کو حاضر کرنا ☆ عمل حب آیت الکرسی ☆ چلہ برائے حب ☆ زکوۃ اللہ صمد ☆ جو سوچے وہ کام ہو جائے ☆ بندش لگانا ☆ لاعلاج مرض یا مشکل ☆ تباہی دشمن ☆ دشمنی پیدا کرنا ☆ ایک خاص چلہ ☆ عمل برائے دولت مندی ☆ عمل عداوت سورۃ الکوثر ☆ دشمن پریشان ہو ☆ حب مسخرات ☆ تسخیر مخلوق ☆ طلسمی حب ☆ خلاصی دشمن ☆ مطلوب حاضر ہو ☆ محبت میں بے قرار کرنا ☆ نقش خانہ آبادی عزت دولت ☆ جادو آسیب سے نجات ☆ یقینی کامیابی ☆ خاص نقوش عمل حب ☆ عمل حب اصحاب کہف ☆ تسخیر ☆ عمل ہمزاد ☆ تسخیر خلق ☆ عمل عداوت ☆ جنون وپاگل پن ☆ کشف القبور ☆ طلسمی انگوٹھی..........وغیرہ وغیرہ

حکیم الامت مجدد ملت حضرت مولانا اشرف علی تھانوی نور اللہ مرقدہٗ کے اعمال

مرتب: مولانا قاری محمد ممتاز صاحب

حفاظت کشتی وحاجت روائی در حاجات

فَالِقُ الۡاِصۡبَاحِ ۚ وَجَعَلَ الَّيۡلَ سَكَنًا وَّالشَّمۡسَ وَالۡقَمَرَ حُسۡبَانًا ؕ ذٰلِكَ تَقۡدِيۡرُ الۡعَزِيۡزِ الۡعَلِيۡمِ ﴿۹۶﴾ وَهُوَ الَّذِىۡ جَعَلَ لَـكُمُ النُّجُوۡمَ لِتَهۡتَدُوۡا بِهَا فِىۡ ظُلُمٰتِ الۡبَرِّ وَالۡبَحۡرِ ؕ قَدۡ فَصَّلۡنَا الۡاٰيٰتِ لِقَوۡمٍ يَّعۡلَمُوۡنَ ﴿۹۷﴾ (سورۃ الانعام: ۹۶-۹۷)

اس آیت کو جمعہ کے روز باوضو ساکھو کے تختے پر یا کسی اور لکڑی پر لکھ کر کندہ کر کے کشتی کے آگے باندھ دینے سے تمام آفات سے کشتی محفوظ رہے گی۔

دیگر: اگر لاجورد کے نگینہ پر بدھ کے روز کندہ کر کے انگوٹھی پہنے تو ہر طرح کی حاجت روائی اور قبولیت اور محبت اور ہیبت لوگوں کی نظر میں پیدا ہو گی۔

برکت در آبِ چاہ و درخت

وَهُوَ الَّذِىۡۤ اَنۡزَلَ مِنَ السَّمَآءِ مَآءً ۚ فَاَخۡرَجۡنَا بِهٖ نَبَاتَ كُلِّ شَىۡءٍ فَاَخۡرَجۡنَا مِنۡهُ خَضِرًا نُّخۡرِجُ مِنۡهُ حَبًّا مُّتَرَاكِبًا ۚ وَمِنَ النَّخۡلِ مِنۡ طَلۡعِهَا قِنۡوَانٌ دَانِيَةٌ وَّجَنّٰتٍ مِّنۡ اَعۡنَابٍ وَّالزَّيۡتُوۡنَ وَالرُّمَّانَ مُشۡتَبِهًا وَّغَيۡرَ مُتَشَابِهٍ ؕ اُنۡظُرُوۡۤا اِلٰى ثَمَرِهٖۤ اِذَاۤ اَثۡمَرَ وَيَنۡعِهٖ ؕ اِنَّ فِىۡ ذٰ لِكُمۡ لَاٰيٰتٍ لِّقَوۡمٍ يُّؤۡمِنُوۡنَ ﴿۹۹﴾

(سورۃ الانعام: ۹۹)

اس آیت کو کھجور کی کلی کے غلاف میں جب اوّل اوّل نکلے، جمعہ کے روز لکھ کر آب پاشی کے کنویں میں ڈال دے، اس کے پانی میں اور وہ پانی جس درخت یا پھل میں دیا جاوے، ان سب میں برکت اور پاکیزگی پیدا ہو اور تمام جن وانسان کی نظرِ بد اور سب آفات سے محفوظ رہے۔

تسکین طوفان ہوا و اخفاء نگاہ ظالمان

لَا تُدۡرِكُهُ الۡاَبۡصَارُ وَهُوَ يُدۡرِكُ الۡاَبۡصَارَ ۚ وَهُوَ اللَّطِيۡفُ الۡخَبِيۡرُ ﴿۱۰۳﴾ (سورۃ الانعام: ۱۰۳)

اس آیت کو بکثرت پڑھنے سے ہوائے تند کو سکون ہوتا ہے اور ظالموں کی نگاہ سے پوشیدہ رہتا ہے۔

انکشاف رازِ غیب

اَوَمَنۡ كَانَ مَيۡتًا فَاَحۡيَيۡنٰهُ وَجَعَلۡنَا لَهٗ نُوۡرًا يَّمۡشِىۡ بِهٖ فِى النَّاسِ كَمَنۡ مَّثَلُهٗ فِى الظُّلُمٰتِ لَيۡسَ بِخَارِجٍ مِّنۡهَا ؕ كَذٰلِكَ زُيِّنَ لِلۡكٰفِرِيۡنَ مَا كَانُوۡا يَعۡمَلُوۡنَ ﴿۱۲۲﴾ (سورۃ الانعام: ۱۲۲)

حروفِ تہجی میں سات حروف جو سورۂ فاتحہ میں نہیں ہیں، وہ اس آیت میں جمع ہیں..... ''ث۔ج۔خ۔ز۔ش۔ف۔ظ''۔

اہلِ فن کا قول ہے کہ خ کے لیے اتوار کا روز مخصوص ہے اور سورۂ انعام کی درج بالا آیت۔ ش کے لیے پیر کا روز اور اسم شاکر۔ ز کے لیے منگل اور اسم زکی۔ ظ کے لیے بدھ اور اسم ظاہر۔ ث کے لیے جمعرات اور اسم ثابت۔ ج کے لیے جمعہ اور اسم جبار اور ف کے لیے ہفتہ اور سورۂ فاتحہ۔

اگر کوئی سر عجیب معلوم کرنا ہو تو اول سات روزے رکھے اور ان میں قراۃ قرآن و دعا میں مشغول رہے۔ صبح کی نماز کے بعد سورۂ یٰسٓ اور طٰہٰ اور تبٰرک الّذی اور درود شریف پڑھ کر وہ آیت یا اسم، جو ہر روز کے لیے مخصوص ہے، سات مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ تعالیٰ وہ راز معلوم ہو جاوے گا۔

عام اجازت کے اعمال

مرتب: مولانا قاری ممتاز (لاہور)

حفاظت از تنگی رزق...... برائے فراخی رزق

ہر نماز کے بعد تین دفعہ اول آخر درود شریف پڑھیں اور جہاں نماز پڑھی جائے، وہاں بیٹھ کر ایک تسبیح ''یَاوَاسِعُ'' کی پڑھیں۔ یہ عمل دن میں پانچ مرتبہ یعنی ہر نماز کے بعد کرنا ہے۔ اس کے ساتھ ساتھ ذیل میں تحریر کردہ نقش کاغذ پر لکھ کر یا چاندی پر کندہ کروا کر سائل اپنے پاس رکھے تو مزید بہتر ہے۔

اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم
بسم اللہ الرحمن الرحیم
یاجبار یامتکبر یامصور یاسمیع
یاحفیظ یارقیب یامجیب یاواسع
بسم اللہ الرحمن الرحیم
اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم

قحط سالی دور کرنا اور بارش برسنا

اگر کسی ملک میں قحط سالی ہو جائے اور بارش کی شدید ضرورت ہو اور بارش نہ ہوتی ہو تو اللہ تعالیٰ کے بابرکت نام کا ورد کریں، ان شاء اللہ تعالیٰ رحمت خداوندی کے نزول کا باعث ہوگا۔ خوب بارش ہوگی اور قحط سالی ختم ہو جائے گی۔ عمل یہ ہے:

گیارہ آدمی مل کر باوضو اول انیس (۱۹) مرتبہ درود شریف پڑھیں۔ پھر اکہتر ہزار (۷۱۰۰۰) بار ''یَا وَهَّابُ'' پڑھیں۔ اس کے بعد انیس (۱۹) مرتبہ درود شریف پڑھ کر بارش ہونے کی دعا کریں اور قحط سالی دور ہونے کی اللہ رب العزت سے دعا مانگیں۔ یہ عمل تین دن مسلسل کریں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ خوب بارش ہوگی۔ جل تھل بھر جائیں گے اور قحط سالی کا خاتمہ ہو جائے گا۔ جو درود شریف انیس مرتبہ پڑھا جائے گا وہ یہ ہے:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ عَدَدَ مَافِیْ عِلْمِ اللہِ صَلٰوۃً دَائِمَۃً بِدَوَامِ مُلْكِ اللہِ۔

نافرمان بچہ، والدین کا فرمانبردار ہو

حضرت مولانا حسن الہاشمی صاحب مدظلہٗ فرماتے ہیں کہ نافرمان کو فرمانبردار بنانے کا ایک عمل تو یہ ہے کہ جب وہ سو جائے، اس کے دونوں کانوں میں سورۂ یٰسین پڑھ کر دم کر دیں اور دوسرا عمل یہ ہے کہ اس کی پیشانی پر تین سو انیس (۳۱۹) مرتبہ ''یَاشَہِیْدُ'' پڑھ کر دم کر دیں۔ پہلے والے عمل کو لگاتار تین (۳) دن تک کریں اور دوسرے عمل کو لگاتار گیارہ (۱۱) دن تک جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ، اس میں ماں باپ کی اطاعت کا جذبہ پیدا ہوگا اور وہ زبان درازی سے بھی محفوظ رہے گا۔

ناراض خود صلح کرنے آئے

اگر کوئی ناراض ہو جائے اور کسی طرح بھی منانے سے نہ مانے تو اللہ جل جلالہٗ کا نام ''یَاوَدُوْدُ'' کو ناراض فرد کو راضی کرنے کی نیت سے کھلا پڑھنا شروع کر دیں۔ جتنی لگن زیادہ ہوگی، جتنا یقین زیادہ ہوگا، اتنا ہی جلدی اثر ہوگا۔ جتنا پڑھیں، تصور میں دم کر دیا کریں۔ ان شاء اللہ، کچھ دنوں بعد صلح ہو جائے گی۔

اگر یہ چاہتے ہیں کہ خود صلح کرنے آئے تو پھر دن بھر کھلا ورد رکھیں اور رات کو گیارہ سو (۱۱۰۰) بار، اول و آخر گیارہ گیارہ بار درود شریف کے ساتھ اس اسم کا ورد کریں اور جب روزانہ کا وظیفہ ختم ہو تو تصور کریں کہ ناراض شخص خود صلح کرنے آ گیا ہے اور صلح ہو گئی ہے۔ پھر تصور میں ناراض شخص کے دل و دماغ پر دم کر دیں اور آہستہ سے کہیں کہ ''**مجھ سے صلح کرنے آؤ**''۔ پھر اللہ جل جلالہٗ سے دعا کر لیں۔

اس عمل کو گیارہ، اکیس یا اکتالیس یوم تک کریں۔ اگر گیارہ یوم سے پہلے صلح ہو جائے تو گیارہ یوم پورے کریں۔ کوشش کریں کہ خود رابطہ نہ کریں۔ نہ ہی آمنا سامنا ہو۔ اسی طرح باقی ایام کو بھی سمجھ لیں۔

اولادِ نرینہ کے حصول کے مجرب اعمال

حضرت مولانا حسن الہاشمی مدظلہٗ

*......حمل ٹھہرنے کے تیسرے ماہ گیارہ دن تک سورۂ مزمل روزانہ گیارہ مرتبہ پڑھ کر پانی پر دم کر کے حاملہ کو پلائیں۔ ان شاء اللہ فرزند پیدا ہوگا۔ بہت مجرب عمل ہے۔ضرورت مندوں کے لئے تیر بہدف نسخہ ہے۔ ایمان ویقین کے ساتھ کریں، ان شاء اللہ مرادیں بر آئیں گی۔

*......استقرار حمل کے بعد مندرجہ ذیل نقش عورت کی دائیں ران پر باندھیں اور تا وضع حمل بندھا رہنے دیں، ان شاء اللہ لڑکا پیدا ہوگا۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

ب	ط	د
ز	ھ	ج
و	ا	ح

*......میاں بیوی دونوں تین سو (۳۰۰) مرتبہ قرآن حکیم کی آیت

رَبِّ لَا تَذَرْنِیْ فَرْدًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْوٰرِثِیْنَ ﴿الْاَنْبِیَآءِ: ۸۹﴾

استقرارِ حمل کے بعد گیارہ دن تک پڑھیں اور اس آیت کا نقش لکھ کر بیوی کے گلے میں ڈالیں۔ ان شاء اللہ فرزند صالح پیدا ہوگا۔ نقش یہ ہے:

۷۸۶

۷۹۷	۸۱۰	۸۰۷	۸۰۴
۸۰۸	۸۰۳	۷۹۸	۸۰۹
۸۰۲	۸۰۵	۸۱۲	۷۹۹
۸۱۱	۸۰۰	۸۰۱	۸۰۶

*......اگر کسی عورت کے لڑکیاں لڑکیاں ہی پیدا ہوتی ہوں اور لڑکا پیدا نہ ہوتا ہو تو باریک سفید کاغذ پر مندرجہ ذیل تعویذ لکھ کر مٹھائی میں رکھ کر عورت کو روزانہ کھلائیں۔ اور لگاتار چالیس (۴۰) دن تک کھلائیں۔ یہ عمل جب شروع کریں، جب حمل کو دو ماہ گزر چکے ہوں۔ ان شاء اللہ، اس عمل کی برکت سے لڑکا پیدا ہوگا۔تعویذ اور کلمات عالیہ اس طرح لکھیں۔ زیر زبر لگانے کی ضرورت نہیں۔

۷۸۶

سُبْحٰنَ الَّذِیْ خَلَقَ الْاَزْوَاجَ كُلَّهَا مِمَّا تُنْۢبِتُ الْاَرْضُ وَمِنْ اَنْفُسِهِمْ وَمِمَّا لَا يَعْلَمُوْنَ وَصَلَّى اللهُ عَلٰى خَيْرِ خَلْقِهٖ مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَجْمَعِيْنَ

*......جو لوگ نرینہ اولاد سے محروم ہوں۔ ان کے لئے ایک اور عمل مجرب نقل کیا جاتا ہے۔تین دیسی مرغی کے انڈے لے کر اُبالیں اور تینوں انڈوں کے چھلکے اتار لیں۔ اس کے بعد ایک انڈے پر کالی روشنائی سے لکھیں

وَالسَّمَآءَ بَنَيْنٰهَا بِاَيْىدٍ وَّاِنَّا لَمُوْسِعُوْنَ ﴿سُوْرَةُ الذّٰرِيٰتِ: ۴۷﴾۔ اس انڈے کو شوہر کھالے۔

دوسرے انڈے پر لکھیں

وَالْاَرْضَ فَرَشْنٰهَا فَنِعْمَ الْمٰهِدُوْنَ ﴿سُوْرَةُ الذّٰرِيٰتِ: ۴۸﴾۔ اس کو بیوی کھالے۔

تیسرے انڈے پر لکھیں

وَمِنْ كُلِّ شَيْءٍ خَلَقْنَا زَوْجَيْنِ لَعَلَّكُمْ تَذَكَّرُوْنَ ﴿سُوْرَةُ الذّٰرِيٰتِ: ۴۹﴾۔ اس کو کاٹ کر آدھا آدھا دونوں میاں بیوی کھالیں۔ اس کے بعد مقاربت کریں۔

یہ عمل ماہواری سے فارغ ہونے پر کریں۔ ان شاء اللہ حمل قرار پائے گا۔ اور فرزند پیدا ہوگا۔ بارہا کا آزمودہ عمل ہے۔

*......جس عورت کے لڑکا نہ ہوتا ہو، اس کے گلے میں "یَا رَحْمٰنُ" ۹ مرتبہ لکھ کر تعویذ بنا کر ڈالیں اور چینی کی پلیٹ پر ۹ مرتبہ "یَا رَحْمٰنُ" زعفران وگلاب سے لکھ کر پانی سے دھو کر اس کو پلائیں۔ اس عمل کو وضع حمل تک جاری رکھیں۔ ان شاء اللہ لڑکا ہی پیدا ہوگا۔

مخصوص و مجرب عملیات

حکیم صوفی عبدالرؤف نظامی (واڑ گنج، اوکاڑہ)

1۔ غائب و مفرور کو طلب کرنا

اگر کسی غائب و مفرور شخص کو طلب کرنا ہو تو نماز فجر کی سنتوں اور فرض کے درمیان اکتالیس (۴۱) بار سورۃ فاتحہ پڑھیں۔ ان شاء اللہ بہت جلد غائب و مفرور حاضر ہو جائے گا۔

2۔ عمل برائے حاجت

۱۔ اعوذ باللہ من الشیطن الرجیم	۱ مرتبہ
۲۔ بسم اللہ الرحمن الرحیم	۱ مرتبہ
۳۔ سورۃ فاتحہ	۱ مرتبہ
۴۔ درود شریف	۱ مرتبہ
۵۔ آیت الکرسی	۱ مرتبہ
۶۔ یا رحیمُ	۱۱ مرتبہ
۷۔ یا کریمُ	۱۱ مرتبہ
۸۔ یا حل المشکلات	۱۱ مرتبہ
۹۔ یا حی یا قیوم	۱۱ مرتبہ
۱۰۔ یا ودودُ	۱۱ مرتبہ
۱۱۔ اِنّا للہ وانا الیہ راجعون	۱ مرتبہ

اس ترتیب سے پڑھ کر حضور ﷺ کے طفیل دعا مانگیں اور کہیں کہ میرا کام ہو جائے تو میں ایک غریب کو کھانا کھلاؤں گا۔

3۔ کسی بھی بڑی حاجت کے حصول کیلئے عمل خاص

سب سے پہلے صلوٰۃ التسبیح پڑھیں۔ پھر چار رکعت صلوٰۃ حاجات ایک سلام کے ساتھ پڑھیں اور دعا مانگیں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ حاجت پوری ہو گی۔ اس عمل کے لیے ضروری ہے کہ ایسی جگہ کا انتخاب کریں جہاں کوئی دوسرا آپ کو نہ دیکھے، ورنہ عمل کی تاثیر ضائع ہو جائے گی۔

عمل کی ترتیب

۱۔ پہلی رکعت میں الحمد شریف کے بعد 10 مرتبہ سورۃ اخلاص

۲۔ دوسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد 20 مرتبہ سورۃ اخلاص

۳۔ تیسری رکعت میں الحمد شریف کے بعد 30 مرتبہ سورۃ اخلاص

۴۔ چوتھی رکعت میں الحمد شریف کے بعد 40 مرتبہ سورۃ اخلاص

۵۔ سلام پھیرنے کے بعد اسی جگہ بیٹھے رہیں اور 50 مرتبہ سورۃ اخلاص، 70 مرتبہ درود شریف اور 70 مرتبہ **ولاحول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم** پڑھیں اور دعا مانگیں۔

4۔ ہر مشکل آسان

رات 12 بجے کے بعد، بعد از غسل، معطر و پاک صاف لباس میں دو رکعت نماز نفل اس طرح پڑھیں کہ الحمد شریف کے بعد

پہلی رکعت میں سورۃ اخلاص 10 بار

دوسری رکعت میں سورۃ اخلاص 10 بار

بعد سلام درود شریف 11 بار

پھر بیٹھ کر ننگے سر **یَاوَھَّابُ** 300 بار، پھر کھڑے ہو کر مقصد کی دعا کریں۔ پھر بیٹھ کر **یَاوَھَّابُ** 400 بار، پھر کھڑے ہو کر مقصد کی دعا کریں۔ پھر بیٹھ کر **یَاوَھَّابُ** 3420 بار، پھر درود شریف 11 بار پڑھیں۔ پھر سجدے میں گڑگڑا کے دعا مانگیں۔ ان شاء اللہ ایک شب ورنہ بتیس (۳۲) شب پڑھنے سے اسماء اعظم کی برکت سے جائز مقصد ضرور پورا ہو گا۔

جسمانی بیماریوں کا روحانی علاج

تحریر: سید عبدالخالق عباس (کراچی)

قارئین کرام کو میری طرف سے السلام وعلیکم! بعد السلام خاص اپیل ہے کہ گناہوں سے بچیں، غلط کاموں میں نہ پڑیں، نماز کے پابند بنیں، اللہ سے معافی کے طلب گار رہیں۔ ان شاء اللہ آپ ہر قسم کی مشکلات و بیماریوں سے محفوظ رہیں گے۔ میرے مضمون کا عنوان ''جسمانی بیماریوں کا روحانی علاج'' جسم اور روحِ انسانی...... زندگی کی دو حقیقتیں ہیں۔ انسانی جسم کے اندرونی و بیرونی دنیا میں رابطے کا نام زندگی ہے۔ یعنی ایک زندہ انسان دراصل جسم اور روح کے ملاپ کا نتیجہ ہے۔ ایک تندرست انسان کیلئے تندرست جسم اور تندرست روح دونوں ضروری ہیں۔ اگر دونوں میں سے کوئی ایک بھی بیمار ہو جائے تو دوسرے پر بھی اس کا اثر پڑتا ہے۔ یعنی اگر روح بیمار (مثلاً خوف، جادوٹونہ، نظربد، وہم) ہو تو جسم بھی اس کے اثرات محسوس کرتا ہے اور اگر جسم میں بیماری پیدا ہو جائے (مثلاً کمر درد، ذیابیطس، ہائی بلڈ پریشر، ڈپریشن) تو انسانی روح بھی بے چینی محسوس کرتی ہے۔ ایسی حالت میں اگر جسمانی اور روحانی، دونوں علاج کیے جائیں تو بہت اچھے اثرات سامنے آتے ہیں اور خاص طور پر جسمانی بیماریوں کے لیے روحانی علاج یعنی جسمانی علاج کے ساتھ ساتھ اگر روحانی طور پر بھی امداد کی جائے یعنی روح کا استعمال کیا جائے تو اور بہتری ہو سکتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ قدیم حکماء جسمانی مرض کے علاج کے ساتھ ساتھ روحانی علاج بھی تجویز کرتے تھے۔ انہوں نے مختلف روحانی اعمال اور علاج ترتیب دیے ہیں۔

قارئین محترم! اللہ کے حکم سے میں آپ کو روحانی علاج اور حکمت، دونوں طریقوں سے علاج ہدیہ کر رہا ہوں۔ ان شاء اللہ تعالیٰ آپ کو شفا ملے گی۔

بواسیر خونی یا بادی

''بواسیر خونی ہو یا بادی''، اس بیماری کی وجہ سے ہر بندہ پریشان ہے۔ اس بیماری کے بارے میں کچھ بتانا چاہوں گا۔ انسانی جسم کے نظام یا ہضم کے سلسلے میں آخری آنت کو معاء مستقیم (ریکٹم) کہتے ہیں۔ یہ بڑی آنت کے بعد شروع ہوتی ہے۔ 120 سینٹی میٹر طویل ہو کہ انیل کینال میں جا کر ختم ہو جاتی ہے اور اس کے فوری بعد مقعد یا اینس کا 3 اعشاریہ 8 سینٹی میٹر تک حصہ ہوتا ہے۔ اس حصے میں ارادی عضلات (وانیٹری مسلز) ہوتے ہیں اور اسی حصہ سے فضلہ باہر خارج ہوتا ہے۔ اس مرض میں مقعد کے اندر تھیلی کی شکل کے مسے پیدا ہو جاتے ہیں اور ان میں خون جمع رہتا ہے، جس کی وجہ سے تکلیف، درد، سوزش اور بعض اوقات خارش بھی ہوتی ہے۔ کئی دفعہ خون بھی خارج ہو جاتا ہے۔ بواسیر کے مسوں کا حجم مٹر کے دانوں سے لے کر اخروٹ کے برابر تک ہو جاتا ہے۔ مسے بننے کے عمل کے سبب کی بناء پر معاء مستقیم یا ریکٹم کے آخری حصہ کی وریدیں پھول جاتی ہیں اور ان پھولی ہوئی وریدوں یعنی مسوں میں دورانِ خون سست پڑ جاتا ہے۔ اس لیے ہر وقت خون سے بھری رہتی ہے۔

بواسیر دو قسم کی ہوتی ہیں: (۱) بواسیر بادی (۲) بواسیر خونی

بواسیر خونی میں مسے کبھی حلقۂ مقعد یا اینس رِنگ کے اندر ہوتے ہیں اور کبھی باہر۔ ان مسوں میں درد بہت ہوتا ہے۔ فضلے کے اخراج کے وقت خون جاری ہو جاتا ہے۔ خونی بواسیر میں عام حالات میں جب کہ مسے مقعد کے باہر ہوں تو خارش ہوتی ہے، بوجھ محسوس ہوتا ہے اور درد کافی ہوتا ہے۔ مسے کبھی باہر آ جاتے اور اندر بھی چلے جاتے ہیں۔ شدید کیفیت میں خون جاری ہوتا ہے اور اس قدر خون نکلتا ہے کہ جسم میں خون کی نمایاں کمی ہو جاتی ہے۔ اکثر اجابت میں خون ملا ہوا آتا ہے یا کبھی اجابت کے بعد دھار کی صورت میں خون جاری ہو جاتا ہے۔ اس طرح مسے اگر اندر کی جانب ہوں تب بھی درد ہوتا ہے۔ جب مرض بڑھ جاتا ہے تو ساتھ ساتھ مسوں کا حجم بھی بڑھ جاتا ہے۔ اس کا علاج جو کہ روحانی طریقے سے کیا جائے تو کافی (بقیہ ص 30)

اگست میں تیار کی گئی 4 خاص الخاص الواح جو آپ کی قسمت بدلنے میں معاون ثابت ہوں گی،

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

جبرائیل

عسی اللہ ان یجعل بینکم وبین الذین عادیتم ۲۰۶۶	منہم مودة ۱۹۰	واللہ قدیر ۳۸۶	واللہ غفور رحیم ۱۶۴۸
۳۸۷	۱۶۴۷	۲۰۶۷	۱۸۹
۱۶۴۶	۳۸۴	۱۹۲	۲۰۶۸
۱۹۱	۲۰۶۹	۱۶۴۵	۳۸۵

قول — اسرافیل — کھیعص — عزرائیل — حمعسق

یاالٰہی! فلاں بن فلاں کے دل میں فلاں بنت فلاں کی نہ ختم ہونے والی محبت پیدا فرما کر ہر قسم کی نفرت ختم اور حفاظت فرمائیے۔ آمین

لوح تیار کرنے کا خاص وقت

زہرہ زحل تسدیس کا وقت 6 ستمبر بروز منگل شام 8 بج کر 18 منٹ پر شروع ہو کر 8 ستمبر بروز جمعرات دوپہر 12 بج کر 50 منٹ پر ختم ہوگا۔

لوح تیار کرنے کی اجازت

لوح تیار کرنے کی اجازت خزینۂ روحانیات کے تمام ممبران کو حاصل ہے کہ وہ اپنے لیے اور دوسروں کیلئے بنا سکتے ہیں۔ باقی تمام دوست واحباب لوح بنوانے کیلئے ادارہ سے رجوع فرمائیں۔ شکریہ

یہ لوح کون کون بنوا سکتا ہے

** ہر قسم کی عداوت، دشمنی، لڑائی جھگڑے اور فتنہ فساد کو ختم کروانے کیلئے بنوائیں۔

** نفرتوں کے ماحول کو مکمل ختم کرنے اور محبتیں پیدا کرنے کیلئے بنوائیں۔

** خاندانی دشمنوں کو ہمیشہ ہمیشہ ختم کروانے کیلئے بنوائیں۔

** عدالتی کیسز، مقدمات کے خاتمے اور فریق مخالف سے صلح کیلئے بنوائیں۔

** ٹوٹتے رشتوں کو بچانے اور ختم ہوتی محبتوں کو قائم رکھنے کیلئے بنوائیں۔

** سسرال اور میکے والوں کی لڑائی اور نفرت کو ختم کروانے کیلئے بنوائیں۔

** ہمیشہ ہمیشہ کیلئے محبت، تعلق، اعتماد اور رشتے قائم رکھنے کیلئے بنوائیں۔

** خاوند کے دل سے نفرت ختم اور محبت بڑھانے کیلئے بنوائیں۔

** خاوند کسی دوسری عورت کے چکر میں آ کر طلاق کی دھمکیاں دیتا ہے تو بنوائیں۔

** خاوند کے والدین، بہن، بھائی اچھا نہیں سمجھتے تو بنوائیں۔

** بیوی بلاوجہ طلاق کا مطالبہ کر رہی ہے تو خاوند بنوائے۔

** جہاں جہاں بھی رشتے ٹوٹنے، تعلقات کے خاتمے، نفرتوں کا آغاز یا نفرتوں کی شدت، لڑائی جھگڑا یا محبت کے خاتمے کی بات چل رہی ہو تو لوح استحکام محبت بنوائیں۔ فائدہ اٹھائیں اور ہمیں دعاؤں میں یاد رکھیں۔

☆☆☆☆☆

روحانیت

حروفِ صوامت

روحانی معالجہ

حکیم عبدالروف نظامی (واٹرگنج، رینالہ خورد)

حروف صوامت بے نقطہ حروف کو کہتے ہیں جو کہ تعداد میں تیرہ (۱۳) ہیں۔

اح در س ص ط ع ک ل م و ہ

ان کے اعداد ۵۴۳ ہیں، ان کو ملا کر اس طرح لکھا جاتا ہے احدرس صطعک لموہ۔۔۔زکوٰۃ کے دو طریقے ہیں۔(۱) قمری (۲) شمسی


طریقہ زکوٰۃ: سورج میں یا چاند گرہن میں ان حروف کو ۵۴۳ مرتبہ ایک ہی نشست میں لکھیں، لکھتے وقت بولنا کسی سے نہیں ہے، پھر ان کو زمین میں دفن کر دیں۔ آئندہ گرہن تک آپ اس کے عامل ہیں۔ بعد از زکوٰۃ ان حروف کو ۱۳ مرتبہ روزانہ لکھنا ہوگا، جب زیادہ ہو جائیں تو ان کو بھی زمین میں دفن کر دیں۔

خاص نکتہ: لگاتار 13 گرہنوں میں اس طریقے سے زکوٰۃ ادا کرنے سے زکوٰۃ اکبر ادا ہو جاتی ہے۔ پھر روزانہ لکھنے کی ضرورت نہیں پڑتی۔ یہ عمل 3 سال میں مکمل ہوتا ہے۔ فقیر نے 1997 میں حروف صوامت کے عامل کامل شاہد الیاس سلیمی مرحوم مغفور سے اجازت لے کر مسلسل 13 گرہنوں میں زکوٰۃ ادا کی تھی۔

آج تک یہ عمل اپنی پوری آب و تاب کے ساتھ کام دے رہا ہے۔ حروف صوامت سے ہر قسم کی بندش کے اعمال کیے جاتے ہیں۔ ان کے اثرات 24 گھنٹوں سے لے کر 13 دن میں ظاہر ہوتے ہیں۔

طریقہ زکوٰۃ

(۱) دو نفل گرہن کے پڑھیں۔(۲) پھر دو نفل گرہن کے پڑھیں۔(۳) پھر 2 نفل کامیابی عمل حروف صوامت کے پڑھیں۔(۴) پھر زکوٰۃ کی نیت سے دو نفل پڑھیں۔(۵) پھر حروفِ صوامت کی رجعت سے بچاؤ کے لئے 2 نفل پڑھیں۔(۶) اس کے بعد عمل حروف صوامت لکھیں۔(۷) جب عمل مکمل ہو جائے تو 2 نفل گرہن کے پڑھیں۔(۸) پھر دو نفل گرہن کے پڑھیں اور اپنے عمل میں کامیابی کی دعا کریں۔ یہ طریقہ زکوٰۃ حروفِ صوامت کے عاملین کا ہے لیکن اس کی زکوٰۃ کا ایک مخصوص طریقہ صوفیانہ بھی ہے، جو یہاں ظاہر کرنا مناسب نہیں۔ ذیل میں حروفِ صوامت کے چند خاص نقوش دیئے جا رہے ہیں جو فقیر کے زیرِ استعمال ہیں۔



یا اموا کیلؑ یا ھوا کیلؑ یا اھجمائیلؑ


یا اسمائیلؑ یا لومائیلؑ یا حروزائیلؑ

یا طاطائیلؑ یا رویائیلؑ یا رفتمائیلؑ یا دوریائیلؑ

آپ اپنے مقصد کی سطر لکھیں مثلاً

فلاں بن فلاں کی دردسر بند ہو وغیرہ وغیرہ

نقش نمبر 2



نیچے مقصد لکھیں

نقش نمبر 3



فوائد نقوش: یہ نقوش حروف صوامت (بندش) کے ہیں۔ ہر طرح کی بندش کے لئے انتہائی مفید ہیں۔ شوہر، ساس یا مخالفین کی زبان بند کرنی ہو تو مندرجہ بالا دو نقش لکھیں، نیچے ان کا مقصد اور نام معہ والدہ لکھیں۔ ایک نقش سیاہ کپڑا میں لپیٹ کر گھر میں وزن کے نیچے رکھیں۔ دوسرا قبرستان میں دبا دیں۔

دار العمل چشتیہ کی روحانی علاج گاہ کی خدمات سے فائدہ اٹھائیں

آج کل ہر کوئی کسی نہ کسی درجہ میں پریشان ہے۔ شاید ہی کوئی ایسا انسان ہو جس کو کوئی پریشانی نہ ہو۔ پریشانی کے حل کے لئے ہر کوئی اپنے بس میں جہاں تک ممکن ہو، تدابیر اختیار کرتا ہے۔ ان تدابیر میں روحانی تدابیر بھی ہیں جن سے وہ فائدہ ممکن ہے، جو اکثر اوقات دنیوی تدابیر سے ممکن نہیں ہوتا۔ ذیل میں مختصر تفصیل دی جا رہی ہے، جس کو پڑھ کر آپ کو معلوم ہوگا کہ روحانی علاج کن مقاصد میں آپ کے لئے مفید ہوسکتا ہے۔

معاشی مسائل 8 قرض ادا نہ ہونا، قرض وصول نہ ہونا، تنگئ رزق، نوکری نہ ملنا یا جلدی چھوٹ جانا، کاروبار نہ چلنا، جو بھی کام کریں اس میں نقصان ہی ہونا، پیسہ آنا مگر خرچ ہو جانا، بیرونِ ملک سفر میں رکاوٹ ہونا۔

تعلیمی مسائل 8 سبق یاد نہ ہونا، پڑھنے میں دل نہ لگنا، یاد ہونے کے باوجود غلطی کرنا، امتحان میں نتیجہ اچھا نہ آنا یا فیل ہونا۔

شادی کے مسائل 8 رشتہ نہ آنا، رشتہ آنا مگر طے نہ ہونا، خاص جگہ پر شادی ہونے میں رکاوٹ، منگنی ہو کر یا رشتہ طے ہو کر ٹوٹ جانا وغیرہ۔

زوجین کے مسائل 8 زبان دراز ہونا، گالیاں دینا، مارنا پیٹنا، خرچہ نہ دینا، باہر عورتوں میں دلچسپی رکھنا، ناجائز تعلقات، طلاق یا خلع تک معاملہ پہنچنا، ساس سسر نند بھاوج وغیرہ کے ناجائز رویے، گھر والوں کا آپس میں لڑنا، گھر والوں کا ایک دوسرے کی عزت نہ کرنا وغیرہ۔

اولاد کے مسائل: نافرمانی، غلط راہ پر چلنا، بچوں کا آپس میں لڑنا وغیرہ۔

دشمن کے مسائل 8: جان کا دشمن ہو جانا، ناجائز مقدمہ کر دینا، جائیداد یا حق پر قبضہ کر لینا، جادو ٹونہ کرواتے رہنا، زبان سے نقصان دینا وغیرہ۔

جادو کی تخریب کاریاں 8 رشتہ، صحت، اولاد، کاروبار، معاش، ترقی، عزت، کسی بھی قسم کی بندش و نقصان کرنا۔

جنات کی ستم ظریفیاں 8 نظر آنا، دباؤ ڈالنا، ڈرانا، آوازیں آنا، چھت پر چلنے پھرنے کی آوازیں آنا، رونے ہنسنے کی آوازیں آنا، چیز یا رقم کا چوری ہونا، چیزوں کا اپنی جگہ سے غائب ہو کر دوسری جگہ سے ملنا، خون پانی تیل وغیرہ کی چھینٹیں پڑنا، گھر میں موجودگی کا احساس ہونا وغیرہ۔

جسمانی امراض 8 علاج کروانے کے باوجود بیماری کا ٹھیک نہ ہونا، رپورٹس ٹھیک آنے کے باوجود بیماریاں ہونا، ایک بیماری کا ٹھیک ہونا تو دوسری کا لگ جانا، مسلسل گھر میں بیماری کا ڈیرے جمائے رکھنا، بڑی بیماریاں مثلاً کینسر، دل و جگر و دماغ کے امراض وغیرہ۔

خواتین کے خاص امراض 8 اولاد نہ ہونا، حمل کا اسقاط ہونا یا ہوتے رہنا، صرف لڑکیاں ہونا، اولادِ نرینہ کا حصول، رحم کے ہر قسم کے امراض

نفسیاتی امراض 8 غصہ، خوف، مایوسی، شہوت، بے سکونی، دہشت، وہم، وساوس کی کثرت، خیالوں میں کھوئے رہنا وغیرہ۔

اگر درج بالا مسائل میں سے آپ کسی مسئلہ یا مسائل کا شکار ہیں یا کوئی اور جائز خواہش یا دنیوی مقصد ہے تو اعتماد کے ساتھ تفصیل سے خط لکھیں، E-mail کریں، فون کریں یا بالمشافہ ملاقات کرلیں۔ عام ملاقات بروز اتوار شام 4 بجے تا 7 بجے کی جاتی ہے۔

ناظم: مولانا علی آفاق صاحب 0324/0344-8439477 (صبح 11 تا 5 بجے، علاوہ جمعہ) نائب ناظم: مولانا سلیم اللہ ظفر صاحب 0343-4686217 (صبح 10 تا 5 بجے، علاوہ جمعہ)

روحانی علاج گاہ دار العمل چشتیہ، لاہور، پاکستان

ruhaniilajgah
+ruhaniilajgah96 ruhaniilajgah

خط و کتابت کا پتہ: پوسٹ بکس 9119، لاہور۔ پوسٹ کوڈ 54570 فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر): 0343-7772772 (صبح 11 سے شام 5 بجے، علاوہ جمعہ و اتوار)

darulamal.org/ruhaniilajgah ruhaniilajgah@gmail.com +92-322-7772772

اعمال گرہن

ذوالفقار احمد عزیز (راولپنڈی)

سب سے پہلے اللہ پاک کا لاکھ لاکھ شکر ہے اور آقائے نامدار محمد ﷺ پر کروڑوں درود وسلام ہو۔ آج آپ کی خدمت میں گرہن سے متعلق چند اعمال لے کر حاضر خدمت ہوں۔ یہ اعمال سینے کے راز ہیں، جو آپ کو کسی کتاب میں نہیں ملیں گے۔ یہ اعمال مجھے میرے روحانی استاد جناب محترم یلسین خان صاحب سے تحفے میں ملے ہیں۔ اللہ ان کو صحت دے، اس وقت ان کی عمر 131 سال ہے۔ ان خزانوں کی قدر کریں۔ یہ قسمت سے قسمت والوں کو ملتے ہیں۔ یہ چیزیں نصیب سے ملتی ہیں، قدر کریں اور اپنائیں، پھر اثر دیکھیں کیونکہ میں نے یہ چیزیں بتانے میں بخل سے کام نہیں لیا۔ میری طرف سے تمام خواتین وحضرات کو اجازت ہے جو کرنا چاہیں۔ آخر میں مجھ گنہگار کو میرے اساتذہ خاص طور پر یلسین خان صاحب کو اور تمام اسٹاف کو دعاؤں میں یاد رکھیں جن کی وساطت سے یہ خزانے آپ تک پہنچتے ہیں۔

عمل نمبر 1: سورج گرہن یا چاند گرہن میں اس عزیمت کو 313 مرتبہ پڑھیں۔ آپ ایک سال کے لیے اس کے عامل ہو جائیں گے۔ کسی انسان کو کوئی زہریلا جانور کاٹ لے مثلاً سانپ، بچھو، وغیرہ تو 7 مرتبہ پڑھ کر دم کریں۔ اللہ کی مہربانی سے زہر اثر نہ کرے گا۔

عزیمت یہ ہے:

تل کری تل سَم کری اللہ مکری بلا مکری او تیا جل سو بابا، کت بُری کن کیش وطن جملا جلانی کلا ماہی انل ماہی نکیتی مکتل، الٰہی زم کے بامانہرو کا ماشکر کل قبر نوبت چہارب افسون نفسون کلم بستم دہان مارو دندان مار لا اِل مار زہر اہوند دہان ھوند بحکم خدا اور سولِ خدا بحکم سلیمان پیغمبر۔

عمل نمبر 2: سورۃ ماعون پارہ نمبر 30 سورت نمبر 107 آیات 7، اس سورت کو گرہن کے وقت صرف 27 مرتبہ پڑھ لیں۔ جس کو کالا یرقان ہو، اس کو پانی پر دم کر کے دیں اور مریض پر بھی دم کریں۔ 27 مرتبہ مریض پر، 27 مرتبہ پانی پر۔ مریض صبح وشام خود یا کسی سے پڑھوا لے۔ 7 مرتبہ اپنے اوپر دم کر لے اور 7 مرتبہ پانی پر۔ سارا دن یہ پانی پئیں۔ 27 دن کے بعد چیک اپ کروالے۔ ان شاء اللہ شفاء ہوگی۔ اور یہ تعویذ گلے میں پہن لے، یہ سورۃ ماعون کا تعویذ ہے۔ تعویذ پہلے دن ہی گلے میں پہن لے۔ جو خود نہ بنا سکیں وہ ادارے سے یا مجھ سے رابطہ کر لے۔

۷۸۶

جبرائیل

۲۳۲۲	۲۳۲۵	۲۳۲۹	۲۳۱۵
۲۳۲۸	۲۳۱۶	۲۳۲۱	۲۳۲۶
۲۳۱۷	۲۳۳۱	۲۳۲۳	۲۳۲۰
۲۳۲۴	۲۳۱۹	۲۳۱۸	۲۳۳۰

میکائیل

عمل نمبر 3: جس انسان کو سرعت انزال کی بیماری ہو، اگر وہ کسی دوائی سے ٹھیک نہ ہو رہی ہو تو اس کو چاہیے کہ گرہن کے وقت کالی سیاہی سے سانس بند کر کے لکھے۔ جتنا لکھ سکے، لکھ کر پھر سانس لے اور پھر سانس بند کر کے آگے لکھنا شروع کرے۔ جب عبارتِ تعویذ پوری ہو جائے تو موم جامہ کر کے رکھ لے اور جب ضرورت پڑے، اپنی بائیں ران پر باندھ لے۔ صرف حق وحلال کام کے لیے یعنی اپنی بیوی کے لیے استعمال کرے، باقی اجازت نہیں۔ حرام عمل کرنے والا قیامت کے دن خیانت کاروں میں گنا جائے گا اور یہ چیز اثر بھی نہ کرے گی۔ صرف حلال کام کے لیے اجازت ہے۔ جو خود نہ بنا سکے وہ ادارے سے یا مجھ سے رابطہ کرے۔

تعویذ کی عبارت یہ ہے:

ابجد، هوز، حطي، كلمن، سعفص، قرشت، ثخذ، ضظغ، وقيل يا ارض ابلعي مائك ويا سماء اقلعي وغيض الماء وقضي الامر كلما اوقدوا نار للحرب اطفاها الله امسك ايها الماء النازل ومن صلب فلاں بن فلاں بلا حول ولا قوة الا بالله العلي العظيم وصلى الله على سيدنا محمد واله وصحبه وسلم۔

چاند اور سورج گرہن کے اعمال

پیر صوفی غلام سرور شباب قادری (حویلی لکھا)

قدرت کے اس کارخانہ میں سب سے پہلی تقسیم دو کی ہے جس میں دن رات گرم سرد وغیرہ کی بے شمار تقسیمیں مثبت و منفی کا کردار ادا کرتی ہیں۔ سورج مثبت اور چاند منفی ہے۔ سورج کی تاثیر گرم اور چاند کی ٹھنڈی ہے۔ سورج میں قوت انعکاس ہے۔ چاند میں قوتِ جاذبہ ہے۔ ہر کی تاثیر الگ الگ ہے۔ اثر تکلیف دہ بھی ہوتا ہے اور مفید بھی۔ مثلاً گرمی بھی آدمی کو تکلیف دیتی ہے اور سردی بھی۔ سورج اور چاند قدرت کی دو قوتوں کے عظیم منبع ہیں۔ جن کے جدا ہونے سے یعنی جدا جدا تاثیر کام کرنے سے اس دنیا کے اندر زندگی اور نشوونما ظہور پاتی ہے۔ ان کے جسم میں گرمی کم ہو جائے تو دیوانہ بنا دیتی ہے۔ اگر گرمی زیادہ ہو جائے تو بھی پاگل سا بنا دیتی ہے۔ اب ایک اور حالت بھی ہے جب کہ ہر دو مختلف حالتیں ایک ہو جاتی ہیں۔ اس ایک ہونے سے ذائقہ اور رنگ تک بگڑ جاتا ہے۔ مثلاً مولی کے پتوں کی تاثیر گرم ہے۔ بیجوں کی تاثیر سرد ہے۔ دونوں مل جائیں تو ایک نئی تاثیر اور نیا ذائقہ بنے گا۔ روشنی اور اندھیرا جب ملتے ہیں مثلاً صبح کا وقت سردی کا ہوتا ہے۔ صبح و شام کے وقت روشنی اور اندھیرے کا عارضی ملاپ اپنے اندر ایک خاص تاثیر رکھتا ہے۔ اگر سب رنگوں کو گھول کر ایک جگہ کر دیں تو سفید رنگ ہو جائے گا۔ اسی طرح جب چاند اور سورج آپس میں ملتے ہیں تو ایک کا عکس دوسرے پر پڑتا ہے تو تمام دنیا میں اس کی تاثیر پھیلنے لگتی ہے۔ یہ اس قدر مؤثر ہوتی ہے کہ حاملہ عورت اس وقت قینچی سے کچھ کاٹے اور خیال ذرا بھی پیٹ کی طرف گیا تو بچے کا کوئی عضو کٹ جائے گا۔ اگر اس وقت اپنے ماتھے پر کوئی نشان بنایا جائے تو بچے کی پیشانی پر بھی وہی نشان ظاہر ہوگا۔ بعض بچوں کے پاؤں ٹیڑھے ہوتے ہیں تو اس کی وجہ ماں کی وہ پوزیشن ہوتی ہے، جس میں وہ گرہن کے وقت بیٹھی ہوتی ہے۔ گرہن کے وقت ایک ایسی تاثیر پیدا ہوتی ہے جو زمین کو متاثر کرتی ہے۔ یہ گرم و سرد مادی تاثیر روحانیت میں بدل جاتی ہے۔ مقناطیسی لہروں کا زور باہر کی طرف ہو جاتا ہے۔ ذرا سی تاثیر ہزار گنا بڑھ جاتی ہے اور نیا کام کر دکھاتی ہے۔

اسی لیے عاملین و کاملین چاند اور اور سورج گرہن میں مختلف اعمال کی زکات ادا کرتے ہیں اور اپنے شاگردوں کو ایسے اعمال کی اجازت دیتے ہیں۔

گرہن میں عام طور پر حروفِ صوامت کی زکات ادا کی جاتی ہے۔ جس کا سادہ طریقہ یہ ہے کہ حروف صوامت (احدرسں طعک لموہ) کو کسی بھی چاند یا سورج گرہن میں پاک و صاف جگہ پر، باوضو، رُو بہ قبلہ بیٹھ کر، لوبان کی اگربتی سلگا کر، سفید کاغذ پر بالکل خاموش رہ کر 543 مرتبہ تحریر کریں اور پھر ان تمام کاغذات کو کسی پاک و صاف جگہ پر دفن کر دیں۔ اب آپ حروفِ صوامت کے صاحبِ زکات ہو گئے۔ اَب مداوت کے طور پر روزانہ تیرہ مرتبہ لکھتے ہیں۔ بہتر ہوگا کہ ایک چھوٹی سی سفید کاغذ کی کاپی تیار کر لیں۔ اس کاپی پر ایک جانب روزانہ تیرہ مرتبہ لکھتے رہیں۔ جب یہ کاپی پُر ہو جائے تو اسے حسبِ سابق کاغذات کی مانند، پاک و صاف جگہ دفن کر دیں۔ اور دوسری تیار کردہ کاپی پر مداومت جاری رکھیں۔ زکات کا یہ طریقہ زکاتِ اصغر کہلاتا ہے۔ پھر ہر سال ایک مرتبہ ضرور اس کی زکات کو دہرایا کریں۔ زکاتِ اصغر ادا کرنے کے بعد آپ دوسرے کو اجازت نہ دے سکیں گے۔ اگر اجازت دے دی تو یہ زکات دوسرے کو منتقل ہو جائے گی اور آپ خود کورے رہ جائیں گے۔

حروفِ صوامت کی زکات کے بعد ہر قسم کی بندش مثلاً زبان بندی، قدم باندھنا، بارش باندھنا، جاری خون باندھنا، گرتے حمل کا باندھنا، نظر بد باندھنا، بھاگنے والے جانور یا انسان کو باندھنا، کسی شخص کی بدعادات کو باندھنا، غرض انسانی حاجات کا چوتھائی حصہ پر عامل کو قدرت حاصل ہو جاتی ہے کہ وہ ان کو اپنے عمل کے زور سے باندھ دے۔

حروف صوامت کے بے شمار عامل ہمارے شاگرد ہیں اور کامیابی سے اعمال بندش کے کام کر رہے ہیں۔ ایک زمانہ ہوا ہم نے حروفِ صوامت کی زکات اکبرالکبائر ادا کی تھی۔ اور بے شمار عاملین ہماری اجازت سے حروفِ صوامت کی زکات ادا کر کے کامیاب ہو چکے ہیں۔ مزید تفصیل کے لئے ہماری کتاب ''عملیاتِ حروفِ صوامت'' کا مطالعہ کریں۔ یہاں پر ہم حروفِ صوامت سے بندش کی چند سطور درج کرتے ہیں۔

(1) بستم دَردِ سر درد نہ ہو۔ (سر درد باندھنا)

(2) بستم نکاح و نسبت فلاں ماسوائے فلاں۔ (نکاح باندھنا)

(3) عقد الدم رحم والحمل لا یدموا۔ (خون جانے سے حمل گرنے کا خطرہ ہوتو)

(4) بستم عادت شراب نوشی فلاں ترکِ شراب ابدا۔ (شراب نوشی کی عادت باندھنا)

(5) ضبطِ نطفہ فلاں (عورت) حمل قرار نہ شود۔ (حمل باندھنا، ایسی صورت میں دونوں میاں بیوی کو عمل تیار کر کے دیں)۔

(6) ضبطِ نطفہ فلاں (مرد) حمل قرار نہ باید۔

(7) عقد الزنا مابین فلاں لاتنزنی ابدا۔ (زنا باندھنا)

(8) بستم ملازمت فلاں دَر دفتر فلاں نہ تبدیلی دفتر نہ عہدہ۔ (تبدیلی باندھنا)

(9) عقد الساقط الحمل فلاں لا السقط والسقط۔ (حمل ساقط نہ ہونا)

(10) عقد التعلق زن وشوہر مجامعت ابدا۔ (مجامعت باندھنا)

(11) عقد العقل والخرد فلاں فی حق فلاں صم بکم عمی فہم لا یعقلون۔ (عقل وخرد باندھنا)

(12) بستم قدم فلاں بسوے خانہ فلاں تا نتو اندرسد۔ (کسی کے ہاں جانے سے روکنا)

(13) بستم رغبتِ دل فلاں دَر محبت فلاں تا محبت نہ شود۔ (محبت کو ختم کرنا)

(14) بستم قدم دریں مکان فلاں بیرون قرار نہ باید۔ (گھر سے باہر رہنے والے کے قدم باندھنا)

(15) عقد اللسان کل مخلوق معلوم ونامعلوم فی حق فلاں۔ (مخلوق کی زبان بندی کرنا)

(16) بستم دکان فلاں فی حق مقبوضہ فلاں تا طلب خالی کردن نہ کند۔ (قبضہ باندھنا)

(17) بستم قلب فلاں دَر محبت فلاں تا رجوع نہ کند۔ (محبت باندھنا)

(18) عقد التعلق عاشقی فلاں بین فلاں لاتنزنی (عشق وتعلق باندھنا)

(19) بستم دست زدی فلاں ارادًا عادتاً عمدًا فعلاً وزدی نہ تواند کرد۔ (چوری کی عادت باندھنا)

(20) بستم زبان فلاں دَر غرض وحق فلاں کبھی خلاف نہ بولے۔ (زبان بندی کرنا)

(21) بستم اجرائے خون سینہ وحلق فلاں خون نہ آئے۔ (جاری خون باندھنا)

(22) بستم دست سزا فلاں فی حق فلاں سزا کے لیے ہاتھ نہ ہلیں۔ (مارنے کی عادت باندھنا)

(23) بستم انزال وسرعت منی فلاں قطعی منزل نہ ہو۔ (انزال واحتلام باندھنا)

(24) بستم رخصتی وبارات فلاں بہ فلاں بنت فلاں کہ ہرگز برائے طلبی ن رشتہ جمع نہ شود تا من نکشایم ہیچ کس نکشائید بحق یا قابض۔ (رخصتی باندھنا)۔

(25) بستم زبان ودست فلاں فی حق صم بکم عمی فہم لا یرجعون۔ (مارنے اور گالی دینے کا عادت باندھنا)

اسی طرح دیگر مسائل کے لیے مطلوبہ سطر تحریر کی جاتی ہے۔ اَب حروفِ صوامت کے چند بندش کے اعمال درج کرتے ہیں۔

طلسم زبان بندی

گرہن کے وقت ایک سرب کی تختی پر (احد رس طعک لموہ یا حرا کیل) لکھ کر انگوٹھی کے نگ کے نیچے لگا لیں۔ تمام بدگویوں اور حاسدین کی زبان بند ہو جائے گی۔ کوئی نہ بول سکے گا۔

حفاظت مکان اور دکان

اگر کوئی شخص گرہن کے وقت یہ چھ حروف معہ مؤکل سرب کی لوح پر لکھ کر گھر کی دیوار یا صندوق میں قبلہ رُخ لگا دے تو وہ گھر، مکان یا دکان یا صندوق آگ اور چوری سے محفوظ رہے گا۔ جن کے ہاں چوری کا خطرہ رہتا ہو یا عموماً چوری ہوتی ہو، ان کو فائدہ اٹھانا چاہئے۔ حروف یہ ہیں:

اذ ورزہ یا حرا کیل

خرابی ظالم دشمن

جو شخص خلقِ خدا پر ظلم کرتا ہو یا کسی کو ناحق تکلیف دیتا ہو، اس کے نام کے اعداد معہ والدہ نکالیں۔ اس میں حرا کیل کے عدد (ف، ش، ذ) کے عدد اور عدد (۴۵۵۰) ملائیں۔ ان تمام کے مجموعہ سے دو عدد نقش مربع معکوس کے سیاہ

روشنائی اور سرکہ سے تیار کریں۔ پرانے کپڑے پر لکھیں جو باہر سے اٹھایا گیا ہو۔ ایک کو سر برہنہ کسی پرانی قبر میں دفن کریں۔ نقش کے ہمراہ تھوڑی سی ہینگ اور سرخ مرچ رکھیں۔ دھونی بھی انہی چیزوں کی دیں۔ اور وہاں سے تھوڑی سی مٹی قبر کی لے کر دوسرے نقش کے ساتھ رکھ کر ظالم دشمن کے گھر یا گزرگاہ یا چوکھٹ میں دفن کریں۔ وہ شخص غضبِ خدا میں گرفتار ہوگا۔ ناحق کسی پر عمل نہ کریں۔ ورنہ خود بھی سزا کے لیے تیار رہیں۔ یہ یاد رکھیں۔ اس نقش میں باقی نہ آئیں۔ اگر تقسیم سے باقی آئے تو اسم الٰہی (مذل یا قہار یا مھیمن یا اور کوئی جلالی وقہاری) اس کے اعداد بھی ملالیں تاکہ باقی نہ آئے۔ چال مربع معکوس یہ ہے:

۱۳	۲	۳	۱۶
۱۲	۷	۶	۹
۸	۱۱	۱۰	۵
۱	۱۴	۱۵	۴

دافع کرمِ جانوراں

جس کسی جانور بیل، گائے، بھینس وغیرہ کے کرم پڑ جائیں اور مالک اس کا بیان کرے کہ میرے بیل کے کرم پڑ گئے ہیں تو عامل اس کے بیل کا رنگ دریافت کرے۔ مثلاً رنگ اس کا سفید ہے اور مالک بیل کا عامل کے سامنے نہ آئے، کسی اُوٹ میں کھڑا ہو کر کہے کہ میرے سفید بیل کے کرم پڑ گئے ہیں۔ عامل ایک رومال کے کنارے کو پکڑ کر بل دے اور ایک بار یہ کہے:

"اللہ دی واری، محمد دِی واری، گورے بیل دے کیڑے، کر دے دو پارے"۔

عامل اس رومال کے کونے پر دم کر کے اس کے بٹ یا بل کو کھول کر اس کو پکار کر کہے کہ "کیڑے مر گئے"۔

پس بیل والا کہے "ہاں مر گئے"۔

اسی طرح سات مرتبہ پڑھے۔ ان شاء اللہ اس جانور کے کیڑے مر جائیں گے۔ اور اگر کوئی اور جانور ہے تو اس کا نام لے کر پڑھیں۔ اگر کوئی فرد اس کا عامل بننا چاہے تو چاند یا سورج گرہن میں سات سو (۷۰۰) مرتبہ مندرجہ بالا عمل کو پڑھے۔ اور پھر ہر روز سات بار پڑھا کرے۔ عمل قابو میں آجائے گا۔

مخلوق کی زبان بندی کا خصوصی عمل

جو شخص دشمنوں سے، بدوں سے، حاسدوں سے، چغل خوروں سے اندیشہ رکھے یا کوئی ملازم اپنے افسر سے ڈرتا ہو یا کوئی عورت اپنے شوہر کی سختی وسخت کلامی سے ڈرتی ہو یا کوئی مرد اپنی عورت کی زبان درازی سے نالاں ہو یا کوئی کمزور زبردست سے کسی وجہ سے ڈرتا ہو تو اس نقش اور دُعا کو لکھ کر پاس رکھے تو دوسروں کی زبان بند ہو جائے گی اور وہ مہربان رہیں گے۔ اور ان کی نظروں میں عزیز ہوں گے۔ اس نقش اور نیچے دُعا کو گرہن کے وقت لکھیں اور پھر موم جامہ کر کے اپنے پاس رکھیں۔ نقش معہ دعا درج ہے:

۲۶۸۵	۲۶۸۸	۲۶۹۱	۲۶۷۷
۲۶۹۰	۲۶۷۸	۲۶۸۴	۲۶۸۹
۲۶۷۹	۲۶۹۳	۲۶۸۶	۲۶۸۳
۲۶۸۷	۲۶۸۲	۲۶۸۰	۲۶۹۲

یارب بیت الحرام یارب شهر الحرام یارب البند الحرام یارب الرکن والمقام یارب المشعر الحرام یارب الحل والحرام یارب النور والظلام یارب القدرة والا نام عقدت لسان بنی آدم و بنات حوا و سددت افواههم من صغیر و کبیر و ذکر و انثی و حرا و عبدا علی حامل هذا الدعاء (نام طالب معہ والدہ) بامر الله الواحد القهار۔

بواسیر کا روحانی علاج

چاند یا سورج گرہن میں مندرجہ ذیل منتر کو ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ پڑھ لیں۔ پس آپ کے عامل ہو جائیں گے۔ جس کسی کو بواسیر کی تکلیف ہو تو "خواہ بادی ہو یا خونی ہو"، پیتل کے لوٹے میں پانی بھر کر اس پر منتر ایک سو گیارہ مرتبہ پڑھ کر دم کریں اور مٹی کے اکیس ڈھیلے لیں۔ ہر ایک پر گیارہ گیارہ مرتبہ منتر پڑھ کر دم کریں اور مریض کو دیں۔ سات ڈھیلوں سے بعد فراغت آب دست کرے۔ اور بعد میں اس پانی سے بھی آب دست کرے۔ اسی طرح تین یوم کرے تو ہر طرح کی بواسیر ختم ہو جائے گی۔ منتر یہ ہے:

"ہیلی ہیلی، جب جیورا، خراسان کی بیٹی، ٹینی شاہ، خونی بادی دونوں جا"۔

کراماتِ جفر

"لوحِ حروف صوامت"

محمد اسد اللہ سلیمانی (جھنگ)

قارئین خزینہ روحانیات کی خدمت میں لوحِ حروفِ صوامت پیش کر رہا ہوں۔ یہ لوح خاص طور پر شمسی یا قمری گرہن میں بنائی جاتی ہے۔ ماہِ ستمبر 2016ء میں سورج گرہن اور چاند گرہن، دونوں کا وقت آرہا ہے۔ اس دوران آپ جائز مقاصد کیلئے حروفِ صوامت کا عمل تیار کر سکتے ہیں۔ افسوس کہ اس دوران اکثر لوگ اور شر پسند عامل ناجائز مقاصد اور نقصان دینے والے اعمال تیار کرتے ہیں، جو کہ ایک غلط قدم ہے اور عوام الناس کو نقصان پہنچا کر پریشان کرنا ہے۔ بہرحال، ایک اچھے عامل کیلئے ضروری ہے کہ استخارہ کر کے ہی بندش کے اعمال کرنے چاہئیں۔

اس موقع پر میں جو عمل پیش کر رہا ہوں، اس کی اجازت میری طرف سے نہ ہوگی اور یہ صرف صاحبان اہلِ علم کیلئے پیش کر رہا ہوں۔ مجھے روحانی رسائل میں لکھتے ہوئے تقریباً 15 سال ہو چکے ہیں اور آج تک میں نے کسی بھی میگزین میں حروف صوامت پر مضمون نہیں لکھا۔ وجہ صرف یہ ہے کہ اکثر لوگ یہ عمل ناجائز مقاصد کیلئے کرتے ہیں اور لوگوں کو بلاوجہ پریشان کرتے ہیں۔ یہ مضمون صرف اور صرف جناب خالد مقبول صاحب کی فرمائش پر خصوصی طور پر لکھا جا رہا ہے۔

لوحِ حروف صوامت کو آپ بے شمار مقاصد کیلئے استعمال کر سکتے ہیں، جن کو صاحبانِ علم اچھی طرح جانتے ہیں۔ مختصر یہی ہے کہ ہر طرح کی بندش لگائی جا سکتی ہے۔ لیکن صرف جائز مقصد کیلئے، ورنہ خود پر بھی بندش لگنے کیلئے تیار رہیں۔ میں یہاں صرف لوح و عمل پیش کر رہا ہوں اور طریقہ استعمال اہلِ علم، جو واقعی علم رکھتے ہیں، کو پتہ ہے، سے معلوم کر لیں۔ لوحِ حروف صوامت یہ ہے:

لموہ بحق لھوش	احد بحق ایوش	رسں بحق رھوش
طعک بحق طیوش	احد بحق اھوش	طعک بحق طھوش
لموہ بحق لیوش	احد رسں طعک لموہ	رسں بحق ریوش

(یہاں عبارتِ عمل لکھنی ہے)

عبارت عمل یہ ہے: اقسمت علیکم یاایوش یاریوش یاطیوش یالیوش یااھوش یارھوش یاطھوش یالھوش مقصد بحق احد رسں طعک لموہ العجل الساعۃ۔

نوٹ عبارت عمل 313 بار پڑھنی ہے۔ یہ عمل قمر در عقرب میں بھی تیار کر سکتے ہیں۔ اس عبارتِ عمل کے اور بھی طریقے میرے پاس موجود ہیں۔

عاملین کیلئے حُب کے خاص اور مجرب اعمال کی بیاض

عاملین یہ بات بخوبی جانتے ہیں کہ حُب کے اعمال کے لوگ دعوے تو بہت کرتے ہیں، مگر کئی بار ایسا ہوتا ہے کہ ''کھودا پہاڑ، نکلا چوہا''۔ کئی عامل بہت چکر لگوانے پر بھی اصل عمل نہیں دیتے۔

دار العمل چشتیہ کی طرف سے ایسے حُب کے متلاشی عاملین کے لئے ایک روحانی تحفہ جس میں چند ایسے اعمال ہیں جو عرصہ سے ہمارے استعمال میں ہیں اور بعض اعمال کے پیچھے باقاعدہ مخلوق بھی ہے۔ مخلوق ہمارے پاس رہے گی، عامل صرف اس سے استفادہ کرسکیں گے۔

بیاض کے حصول کے لئے نقد ہدیہ ادا کرنا شرط ہے۔ اجازت یافتہ عامل ان اعمال کو اعتماد سے استعمال کر سکتے ہیں۔ یہ بیاض ہر کسی کو نہیں دی جائے گی۔ جن پر اطمینان ہوا، صرف ان عاملین کو ہی دی جائے گی۔

اجازت کے لئے عوام الناس رابطہ نہ کریں۔

ہدیہ 11,000 روپے

روحانی درسگاہ، دار العمل چشتیہ، لاہور۔

ناظم: 0320/0345-4661681 دوپہر 2 تا 5 (علاوہ جمعہ واتوار)



سخت جادو اور جنات کا خاص توڑ ''سری والا عمل''

سخت قسم کے جادو اور جنات سے نجات کے لئے ''سری والا عمل'' خاص مجرب عمل ہے، جس کے فوری اثرات دیکھنے میں آتے ہیں۔ اس عمل کے پیچھے جو مخلوق کام کرتی ہے، وہ جادو اور جنات سے نمٹنے کی ماہر ہے۔

اس عمل کو اس وقت کیا جاتا ہے جب سخت قسم کے جادو اور جنات کے ضدی اثرات سے نجات نہ مل رہی ہو۔

ہدیہ: 3100 روپے

یہ عمل صرف عاملین کے لئے ہے یا پھر ان افراد کے لئے، جنہوں نے چند بنیادی اعمال کئے ہوئے ہوں۔ اور روحانی دفاع بھی ان کو حاصل ہو۔

اس عمل کی اجازت لینے کے بعد عامل جب چاہے، اس عمل کو استعمال کرسکتا ہے۔ روزانہ کا ورد کرنے میں بمشکل ایک منٹ لگتا ہے۔

روحانی درسگاہ، دار العمل چشتیہ، لاہور

فون (دفتر): 042-35410586 موبائل (دفتر): 0343-7772772

darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

حصارِ قرآنی کبیر

قرآنی اعمال کا ایک خاص عمل

جہاں آسمانی وزمینی آفتوں کا معاملہ ہے، وہیں نہ نظر آنے والی مخلوق ''جنات وشیاطین'' سے حفاظت بہت ضروری ہے۔ قرآنی آیات پر مشتمل حصار کا عمل کرنے سے خاص روحانی دفاع حاصل ہوتا ہے۔ عامل اپنی، اپنے اہل وعیال کی حفاظت کے ساتھ ساتھ اپنے مریضوں کا روحانی دفاع کرنے کے بھی قابل ہوجاتا ہے۔ مریض کتنا ہی دور کیوں نہ ہو، عامل حصار لگا سکتا ہے۔ **اجازت کا ہدیہ ممبران کے لیے 1600 روپے اور غیر ممبران کے لیے 2100 روپے ہے۔**

رابطہ: روحانی درسگاہ، دار العمل چشتیہ، لاہور

فون: 042-35410586 موبائل: 0343-7772772

darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

حصارِ خاص

فرشتوں کی حفاظت میں آجائیں

ایک خاص حصار کا عمل ہے جس کے پڑھنے والے کی حفاظت فرشتے کرتے ہیں۔ جنات، شیاطین اور جادو کے شر سے انسان محفوظ رہتا ہے۔ ہر قسم کے ستاروں کی نحوستوں سے حفاظت رہتی ہے۔ اپنی، اپنے اہل و عیال کی اور مال واسباب کی حفاظت ہوتی ہے۔

اس عمل کا عامل بننے کے لئے اجازت حاصل کرنے کے بعد ایک ماہ کا چلہ کرنا پڑتا ہے۔ چلہ بوقت تہجد کیا جاتا ہے۔ **اجازت کا ہدیہ ممبران کے لئے 1600 روپے اور غیر ممبران کے لیے 2100 روپے ہے۔**

رابطہ: روحانی درسگاہ، دار العمل چشتیہ، لاہور

فون: 042-35410586 موبائل: 0343-7772772

darulamal.org/ruhanidarsgah, ruhanidarsgah@gmail.com

دعوت دُعائے قرشیہ اور اس کے خواص

ماہر علومِ مخفی صوفی حکیم غلام سرور شباب صاحب مدظلہ (حویلی لکھا)

قدیم دعوات اور دُعاؤں میں دُعائے قرشیہ ایک اہم ترین دُعا ہے۔ عاملین وکاملین فرماتے ہیں کہ یہ عظیم ترین دُعا حضرت عیسیٰ علیہ السلام پر نازل ہوئی۔ اس دُعا کی اسناد بے انتہا ہیں۔ ایک زمانہ تھا کہ یہ دُعا بادشاہاں اور امیر جلالت شان وحاکمان بلند مکان وزیران باشوکت وشان کے نادر پائی جاتی تھی۔ اور اُن کے خزانوں اور گنجینوں میں رکھی جاتی تھی۔ قدیم بادشاہوں اور اُن کے وزیروں نے اس کی ایک ایک خاصیت کو آزمائش کیا۔ اور اکثر عمل تجارت متقدمین میں اس دُعا پر تھا۔ اور بجز ذخائر وخزائن میں بادشاہوں کے دوسری جگہ دریافت نہ ہوتی تھی۔ کیونکہ یہ دُعا بزرگ ومحترم وعظیم الشان تحفہ خداوندی ہے۔ اب بفضل ایزدی یہ سہولت طالبان رُوحانیت کو دستیاب ہورہی ہے۔ وگرنہ زمانہ قدیم میں روحانی طالبوں کو عمر بھر کی کوشش کے بعد ہزار مشکلات کے بعد حاصل ہوتی تھی۔ وہ بھی کسی خوش بخت کو ورنہ اکثر لوگ اسے اعتقاد کیمیا سمجھتے تھے۔ قدیم عاملین نے اپنی کتب ورسائل میں اس دُعا کا تذکرہ فرمایا ہے۔ مثلاً عاملین کے باوا آدم حضرت شیخ محمد غوث گوالیاریؒ نے اپنی تصنیف جواہر خمسہ فارسی۔ فیضان مرشد کی مصنفہ حضرت بی بی رابعہ بصری نے۔ طلسمات نادرہ کے موئف سید تفضّل حسین خداداد بن میر محمد حسین نے جلد چہارم میں۔ شیخ حبیب بن موسیٰ رضا نے اپنی تصانیف کنوز الاسرار الخفیہ فارسی، جامع المقاصد فارسی اور مفاتیح الاسرار فارسی میں۔ یہ دُعا اپنے اندر 33 خواص رکھتی ہے۔ پہلے ہم دُعا تحریر کرتے ہیں۔ پھر اس کے خواص تحریر کریں گے۔

دُعائے قرشیہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ۔ قَرْشِیًّا۔ قَرْشِیًّا۔ وَجَلًّا۔ وَمِلًّا۔ دَیُوْثِیًا۔ ثَثْوِیًّا۔ شَهْوِیًّا شَمُوْیًا۔ شَمُوْتَلْیًا۔ اَذْرَطًّا۔ آزَرَطِیًّا۔ عَنَطًّا۔ عَنَطِیًّا۔ طَوْطًّا۔ طَوْطِیًّا۔ طُوْطَنْطِیًّا۔ طُوْطَاطِیًّا۔ اَهْیًا۔ شَرَاهِیًّا۔ قَدمَهِیًّا۔ هَلْمَهِیًّا۔ هَلَا مَهِیًّا۔ هَلَمْرَهِیًّا۔ هَرْجُوْ۔ اَهْرَائِیْلُ۔ هَرْجَائِیْلُ۔ مَهْرَجَائِیْلُ۔ نَهْرَاجَائِیْلُ۔ مَهْرَطَائِیْلُ۔ نَهْرَاطَائِیْلُ۔ اَهْرَنَائِیْلُ۔ اَهلَائِیْلُ۔ اَهْیَائِیْلُ۔ اَهْوَائِیْلُ۔ اَغْیَائِیْلُ۔ اَکْوَائِیْلُ۔ مَطْوَائِیْلُ۔ مَکْوَائِیْلُ۔ اَطْوَائِیْلُ۔ جَهِیْطَائِیْلُ۔ سَائِیْلُ۔ سَنْجِیْجَائِیْلُ۔ مَیْکَائِیْلُ۔ زُوْقَائِیْلُ۔ سَفُرْسَهَائِیْلُ۔ اَشْرُوْقِیَا۔ اَشْرُوْقَدَا۔ اَسْنَجْبَائِیْلُ۔ اَشْجَائِیْلُ۔ اَهْرَائِیْلُ۔ اَعْلَائِیْلُ۔ مَنْجَائِیْلُ۔ رُوْهَائِیْلُ۔ سُهْجَائِیْلُ۔ هَرْکَرَنْ۔ اَهْیَائِیْلُ۔ اَکْوَائِیْلُ۔ اَحْمَائِیْلُ۔ تَرْشُوْسَائِیْلُ۔ زَرْخُوْثَائِیْلُ۔ مَلْخُوْثَائِیْلُ۔ زُوْفَائِیْلُ۔ خُوْزَائِیْلُ۔ تَدْقَائِیْلُ۔ تَقْتَائِیْلُ۔ سَرْکَثَائِیْلُ۔ نَرْثَائِیْلُ۔ نُوْرَائِیْلُ۔ سَفُرْسَهَائِیْلُ۔ سَفُوْسُ۔ رَهَائِیْلُ۔ مَلْکَائِیْلُ۔ مَیْکَائِیْلُ۔ اَوْزَهْ۔ اَرْدَهْ۔ وَرَایَهُ۔ سَرْتَائِیْلُ۔ بَکْیَائِیْلُ۔ شَدْقِیْلَ۔ اَتَمْشِیْلُوْ۔ هَجُدُوْ۔ اَمْدَقَائِیْلُ۔ هَجْدَوَائِیْلُ۔ مَنْ طُوْطَائِیْلُ۔ مَبْطُوْطًا۔ مَبْطُوْطِیَةٍ۔ مَخْذُوْرًا۔ یَرْغًا۔ تَفُوْغًا۔ مَائِیْشِ۔ اَدْرِیْشِ۔ اَدْرُهْ۔ اَرْوَهْ۔ وَرَایَةٍ۔ طُوْطَائِیقلُ۔ سَرْطَائِیْلُ۔ مَرْطَائِیْلُ۔ اَکْمَتْهَائِیْلُ۔ مُوْزَرْدَائِیْلُ۔ شَمْخَائِیْلُ۔ سَخِیْلَ۔ دَرْدَائِیْلُ۔ جَمْهَائِیْلُ۔ جِبْرِیْلُ۔ بَطْمَطَائِیْلُ۔ شَمْهَائِیْلُ۔ مُنْطِرِیْ۔ مُفْطِرِیْ۔ بَرْمَائِیْلُ۔ نَهْرَثَائِیْلُ۔ زَمَائِیْلُ۔ اَنْهَاهِیْ۔ اَنْهَاهِیْ۔ ثَبِیْثَا۔ مَثِیْثَا۔ ثَهِیْتًا۔ مَکْوِیَّةٍ۔ اَکْوِیَّةٍ۔ شَهُنْطَرْحَیًا۔ شَهْطَرْثِیًا۔ شَهْطَرْیَاتَهْ۔ هَاهِرِیْ۔ قُرَیْشِ۔ تَشْبِیْتَثًا۔ بَقِیْسًا۔

دُعائے قرشیہ کے سریانی اسماء کے عربی معانی

سریانی اسماء	عربی معانی	سریانی اسماء	عربی معانی
قَرْشِيًا	الصمد	وَجَلاً	الكبير
وَمِلًا	العليم	دَيُوثِيًا	الخبير
شَهُوِيًا	مالك الملك	شَمُوِيًا	ذوالجلال والاكرام
شَمُوتَلِيًا	الفرد	اَذْرَطَا	الباسط
اَزْرَطِيًا	القابض	عَنْطًا	المقسط
عَنْطِيًا	المعطی	طَوْطًا	الباقی
ثَثْوِيًا	الجواد	اَهْيًا	الحی
شَرَاهِيًا	القيوم	قَدَمَهِيًا	المدبر
هَلَمَهِيًا	الاول	هَلَامَهِيًا	الآخر
هَلَمَرَهِيًا	الظاهر	هَرْجُوْ	الباطن
يَرْغَا	المودب	تَفُوْغَا	السميع
مَائِيْشِ	البديع	اَدْرِيْشِ	العلام
اَدْرَهْ۔اَرْوَهْ	المومن۔المهين	وَرَايَةٍ	العزيز

دُعائے قرشیہ کے خواص

1۔ جوکوئی روزانہ اس دُعا کو پڑھے اور اپنا معمول بنالے تو اللہ تعالیٰ اُسے روشن دِل اور روشن ضمیر کردے گا۔اور اُسے کشف کی صلاحیت حاصل ہو۔لوگوں میں معزز ٹھہرے۔اور اُس کے دنیوی کام اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے آسان ہوں۔

2۔ اگر کوئی روزانہ نماز فجر کے فرض اور سنتوں کے درمیان اس دُعائے جلیلہ کو دس مرتبہ پڑھے تو ارواح اور پریوں کا مشاہدہ کرے۔

3۔ اگر کوئی آدمی اس دُعا مبارکہ کو پڑھ کر عطر گلاب پر دم کرے اور پھر اسے اپنے چہرے پر لگائے تو جس کے پاس جائے گا وہ عزت واحترام سے پیش آئے گا۔مہربان ہوگا اور جدائی برداشت نہ کرے گا۔

4۔ اگر کسی عورت کو بچہ کی پیدائش میں تکلیف ہو تو دُعا کو کسی کوزے پر لکھیں اور پھر اس کو پانی سے لبالب بھر دیں اور پھر تین مرتبہ یہی دُعا پڑھ کر پانی پر پھونک دیں۔اب یہ پانی عورت کو پلادیں تو ولادت میں آسانی ہوگی اور بچہ فوراً پیدا ہوجائے گا۔

5۔ کسی حاکم افسر یا جج کے سامنے پیش ہونے سے پہلے اگر دُعائے قرشیہ کو پانچ مرتبہ پڑھ کر اپنے اوپر دَم کرلیں تو وہ دیکھتے ہی مہربان ہوگا اور خلاف نہ چلے گا۔

6۔ اگر اس دُعا کو تین مرتبہ سرمہ پر پڑھ کر دَم کریں۔اور پھر سرمہ آنکھوں میں لگا کر جس کسی کے پاس بھی جائیں گے تو وہ مہربان ہوگا۔

7۔ اگر کوئی عورت بانجھ پن کا شکار ہو۔یا اولاد پیدا ہوکر مرجاتی ہو تو یہ دُعا زعفران وگلاب سے تحریر کرکے اُسے پینے کو دیں۔اللہ تعالیٰ کے فضل وکرم سے اولاد پیدا ہوگی اور زندہ رہے گی۔

8۔ اگر کسی کو اپنی محبت میں مبتلا کرکے پاس بلانے کا ارادہ ہو تو سات دانے گندھک کے لے کر ہر ایک پر سات مرتبہ دُعا تلاوت اور اُس کا نام مع والدہ بھی لیں اور آگ میں ڈال دیں،وہ فرد آپ کے پاس حاضر ہوجائے گا۔

9۔ اگر دُشمن گھر یا شہر کے اردگرد محاصرہ کرلیں تو اسے بھگانے کے لیے گھوڑے کے سُم کے نیچے کی مٹی پر دُعا مبارک پانچ مرتبہ پڑھ کر دم کرکے اُس کی طرف پھینک دیں۔پس وہ بھاگ جائے گا۔

10۔ پانی پر دس مرتبہ پڑھ کر دَم کریں اور پھر اس پانی سے سر کو دھوئیں تو سر کے بال لمبے ہوں گے۔اگر کسی کے بال گرتے ہوں تو بھی فائدہ ہوگا۔

11۔ اگر دُعا کو بکرے کے چمڑے پر لکھیں اور اپنے پاس رکھے تو مخلوق میں عزت واحترام بڑھے گا۔جنگ وجدل میں کامیابی ہوگی۔

12۔ کسی میٹھی چیز پر پانچ مرتبہ پڑھ کر ناراض مطلوب کو کھلائیں تو وہ نرم دِل ہوکر آپ کی یاد میں بے چین رہے گا۔

13۔ اگر یہ دُعا لکھ کر گھر میں آویزاں کریں۔تو گھر میں خیر وبرکت ہوگی اور رزق میں وسعت پیدا ہوگی۔گھر میں رہنے والے وباؤں سے محفوظ رہیں گے۔

14۔اگر کوئی اس دعا کو زعفران وگلاب سے لکھ کر اپنی قیمتی چیزوں میں رکھے تو وہ چوری ہونے اور آگ لگنے سے محفوظ رہیں۔

15۔اگر کسی کا دشمن طاقت ور ہو اور اُس سے جان کا خطرہ ہو تو منگل کے روز خام کدو لے کر اُس پر دُعا کو اکتالیس مرتبہ پڑھ کر دَم کریں۔ پھر چاقو سے کدو میں ایک گڑھا سا بنا دیں۔ پھر تین مرتبہ دُعا پڑھ کر اُس گڑھے میں دَم کریں اور دشمن کے ہلاک ہونے یا سخت بیمار ہونے کا پختہ تصور کریں۔اور پھر اُس کدو کو کسی خاردار درخت پر باندھ دیں۔ جب کدو سوکھ جائے گا تو دشمن سخت بیمار ہو جائے گا۔

16۔اگر کوئی چاہے کہ دو افراد کے درمیان جدائی یا دشمنی ڈالنی ہو تو دُعا لکھ کر پھر دونوں کے نام معہ والدہ اور مقصد تحریر کریں۔اور کسی خاردار درخت پر لٹکا دیں۔مطلوبہ افراد کے درمیان عداوت جدائی یا دشمنی پیدا ہو جائے گی۔

17۔اگر کوئی چاہے کہ اُس کا دشمن گھر بار چھوڑ کر آوارہ ہو کر دربدر پریشان پھرتا رہے تو کالی بلی کے خون سے اس دُعا کو لکھ کر جنگلی کوے کے پر میں باندھ کر اُسے چھوڑ دے۔دشمن آوارہ اور پریشان ہو کر دربدر کی ٹھوکریں کھاتا پھرے گا۔

18۔اگر کوئی اس دُعا کو ہرن کے چمڑے پر لکھے اور پھر اپنے پاس رکھے تو سفر میں تھکاوٹ محسوس نہ کرے گا۔

19۔اگر کوئی اس دُعا مبارکہ کو لکھ کر مردے کے کفن میں رکھ دے وہ عذاب سے محفوظ رہے گا۔

20۔اگر کوئی چاہے کہ جملہ مخلوق اُس کے خلاف نہ بولے تو دُعا کو لکھ کر مینڈھے کے چمڑے میں بند کر کے زمین میں دفن کر دے۔مقصد پورا ہوگا۔

21۔اگر کوئی سخت بیمار ہو اور اطباء نے لاعلاج قرار دے دیا ہو تو زعفران وگلاب سے دُعا لکھ کر دھو کر مریض کو پلا دیں۔تندرست ہو جائے گا۔

22۔اگر کوئی کم فہم ہو تو دعا کو زعفران وگلاب سے لکھ کر اُسے ہفتہ عشرہ تک پلائیں، فہم وفراست پیدا ہو جائے گی۔

23۔اگر کسی عورت کی اولاد نہ ہوتی ہو یا بیٹا پیدا ہو کر فوت ہو جاتا ہو تو یہ دُعا لکھ کر عورت کے گلے میں تعویذ بنا کر ڈال دیں۔ان شاء اللہ فرزند طویل عمر ہوگا۔

24۔اگر کسی مرد کی مردمی طاقت کسی نے باندھ دی ہو تو سات یوم تک یہ دُعا لکھ کر دھو کر اُسے پلائیں۔اُس کی مردمی طاقت کھل جائے گی۔

25۔اگر کسی ظالم دشمن کو سزا دینا چاہیں تو اُس کا پیشاب بند کرنے کے لیے یہ طریقہ استعمال کیا جاتا ہے کہ جہاں وہ پیشاب کرے اُس جگہ کی مٹی لے کر اُس پر دعا پڑھ کر دم کریں اور پھر اُس مٹی کو موشک کے کھال میں بند کر کے کسی وزنی چیز کے نیچے دبا دیں تو اُس کا پیشاب بند ہو جائے گا۔جب مٹی نکال کر جاری پانی میں بہا دیں گے پیشاب جاری ہو جائے گا۔

26۔اگر کسی آسیب زدہ پر دُعائے قرشیہ پڑھ کر دم کریں تو آسیب بھاگ جائے گا۔

27۔اگر مردہ کے غسل والے پانی پر دُعا تلاوت کریں۔اور پھر اس پانی کو کسی ظالم دشمن کے گھر میں ڈال دیں۔تو دشمن کا گھر ویران وسنسان ہو جائے گا۔

28۔اگر کوئی قرض میں مبتلا ہو اور قرض نہ اتر رہا ہو تو دو رکعت نماز نفل ادا کر کے نصف شب کو دُعائے قرشیہ کو چند مرتبہ پڑھے اور اللہ تعالیٰ سے دعا قرض ادا ہونے کی دُعا کرے۔ایسے اسباب پیدا ہو جائیں گے کہ قرض ادا ہو جائے گا۔

29۔اگر کوئی جنگل کے سفر میں درندوں کے خوف سے امان چاہے تو دُعا کو پانچ مرتبہ پڑھ کر اپنے اردگرد دَم کرے۔اللہ تعالیٰ کے حکم سے محفوظ رہے گا۔

30۔اگر مرد وعورت میں لڑائی جھگڑا اور بے اتفاقی ہو تو دعا لکھ کر دونوں کو دھو کر پلائی جائے اور لکھ کر اُن کے تکیہ میں ڈال دیں۔دونوں میں الفت اور مہر ومحبت پیدا ہو جائے گی۔

31۔اگر کسی کو سرخ باد کی تکلیف ہو تو دُعا لکھ کر اس کے گلے میں ڈال دیں۔صحت ہو جائے گی۔

32۔اگر گھر میں وبائی امراض ہوں تو لکھ کر گھر کے دروازے پر آویزاں کر دیں۔اس دُعا کی برکت سے گھر محفوظ ہو جائے گا۔

33۔اگر کسی چینی کے برتن پر لکھ کر سحر جادو ٹونہ کے مریض کو شہد سے دھو کر پلائیں تو سحر جادو ٹونہ کے اثرات ختم ہو جائیں گے اور مریض صحت مند ہو جائے گا۔

خواتین اسلام کی دس قرآنی صفات

تحریر: آصفہ ہاشمی

قرآن کریم کے بائیسویں پارے کی سورۃ احزاب میں اللہ تعالی نے مومن عورتوں کی صفات بیان فرمائی ہیں کہ وہ کیسی ہوتی ہیں، ان کا کردار، گفتار، طرزِ زندگی اور چال چلن کیسا ہوتا ہے؟ فرمایا کہ ''**وہ مسلمات ہیں، مومنات ہیں، قانتات ہیں، صادقات ہیں، صابرات وخاشعات ہیں، متصدقات ہیں، صائمات ہیں، ذاکرات ہیں**''۔

ان تمام صفات کو بیان کرنے کے بعد اللہ تعالیٰ نے فرمایا ہے کہ ''**میری طرف سے ان کے لیے بڑی مغفرت اور بہت بڑے اجر کا وعدہ ہے**''۔ آیئے! ذرا ان صفات کو تفصیل سے دیکھتے ہیں کہ مسلمات، مومنات، قانتات، خاشعات اور صابرات کہتے کن عورتوں کو ہیں۔

(۱) **مسلمات:** وہ اللہ کی بندیاں جنہوں نے قرآن کے الٰہی احکام کو اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے فرامین کو دل وجان سے قبول فرمالیا۔ جن کے ظاہری وجود سے کوئی بھی حرکت سرزد نہیں ہوتی جو اسلامی ضابطے اور شرعی قواعد کے خلاف ہو، اُسوۂ رسول صلی اللہ علیہ وسلم ہروقت ان کے پیش نظر رہتا ہے۔

(۲) **مومنات:** صرف ان کا سراپا دینی احکام کے مطابق نہیں ڈھل گیا بلکہ دل سے بھی سمجھتی ہیں کہ اللہ کے دیئے ہوئے احکام حق اور سچ ہیں اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کا اسوہ ہی صحیح ہے۔ ان کے دلوں میں اس بات کا یقین راسخ ہو چکا ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ہدایت کا جو راستہ بتایا اس کے علاوہ کوئی دوسرا ہدایت کا راستہ نہیں ہوسکتا۔ جو اس بات پر راضی ہو چکی ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی ذات ہی ان کی پروردگار ہے۔ اسلام ہی سچا دین ہے اور سیدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم ان کے نبی اور رسول ہیں۔

(۳) **قانتات:** مطیع وفرمانبردار ہیں، دین کے احکام کے سامنے اپنے سروں کو جھکا دیتی ہیں۔ وہ یہ کہہ کر بس نہیں کرجاتیں کہ اسلام سچا دین ہے، بلکہ دین کے تقاضوں کو عملی جامہ بھی پہناتی ہیں۔

(۴) **صادقات:** گفتار، کردار میں سچی اور کھری ہیں...... جھوٹ، دغا، فریب، بددیانتی جیسے اوصافِ بد ان میں نہیں پائے جاتے۔ ان کی زبان وہی بولتی ہے جس کی اجازت دینِ اسلام نے دی ہے اور جس پر ان کا ضمیر مطمئن ہے۔ ان کا ہر عمل اسلامی کردار کے سانچے میں ڈھل چکا ہے۔

(۵) **صابرات:** خدا اور رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے بتائے ہوئے احکام پر پوری استقامت کے ساتھ ڈٹی رہتی ہیں اور اس راہ میں جو بھی رکاوٹیں، تکلیفیں، ایذائیں پیش آتی ہیں انہیں نہایت صبر وسکون اور خندہ پیشانی کے ساتھ برداشت کرتی ہیں۔ کوئی لالچ، نفس کی کوئی چاہت یا کسی ظالم کا خوف انہیں اللہ کے دین پر عمل پیرا ہونے سے نہیں روک سکتا۔

(۶) **خاشعات:** عاجزی، انکساری ان کا شیوہ ہوتا ہے۔ فخر وغرور اور تکبر سے کوسوں دور ہوتی ہیں۔ انہیں اس حقیقت کا مکمل شعور ہوتا ہے کہ وہ اللہ کی بندی اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی امتی ہیں۔ ان کے دل ودماغ اور جسم وجان اللہ کے حضور جھکے رہتے ہیں۔ اللہ کا خوف اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت ان پر غالب رہتی ہے۔ نمازوں اور دیگر دینی اعمال میں خاص طور پر ایسی ہی عاجزی کا اہتمام کرتی ہیں، جب اللہ تعالی کی بارگاہ میں کھڑی ہوتی ہیں تو باقی دنیا سے مکمل لاتعلق ہوجاتی ہیں۔ ان کا کامل دھیان صرف اور صرف اپنے پالن ہار کی طرف ہوتا ہے۔

(۷) **متصدقات:** صدقہ، خیرات اور زکوٰۃ کی ادائیگی کا اہتمام کرتی رہتی ہیں۔ اپنے مال کو کھلے دل کے ساتھ اللہ کی راہ میں خرچ کرتی ہیں۔ غریبوں، یتیموں، مسکینوں اور بے آسرا لوگوں کی اپنے مال کے ذریعے خبرگیری کرتی ہیں اور اللہ کے دین کی سربلندی کے لیے مال کی ضرورت پیش آئے تو بھی بخل سے کام نہیں لیتیں۔

(۸) **صائمات:** روزوں کی کثرت کرتی ہیں۔ فرض روزے بالکل نہیں چھوڑتیں بلکہ نفلی روزوں کا بھی خوب اہتمام کرتی ہیں تاکہ اللہ کا قرب زیادہ سے زیادہ نصیب ہوسکے۔

(۹) **حافظات:** اپنی شرمگاہوں کی حفاظت کرنے والیاں، زنا کے قریب بھی نہیں پھٹکتی ہیں۔ اس کا ایک اور مطلب یہ ہے کہ وہ عریانی اور فحش لباس سے بھی اجتناب کرتی ہیں۔ اپنے آپ کو خوب چھپا کر رکھتی ہیں۔

(۱۰) **ذاکرات:** اللہ کو کثرت سے یاد کرنے والیاں ہیں۔ زندگی کے ہر معاملے پر کسی نہ کسی انداز میں ان کی زبان پر اللہ کا نام رہتا ہے۔ وہ سوکر اٹھتی ہیں تو اللہ کو یاد کرتی ہیں۔ کھانا پکاتی ہیں تو اللہ کو یاد کرتی ہیں۔ آٹا گوندھتی ہیں تو اللہ کو یاد کرتی ہیں اور جب کام کاج سے فارغ ہوتی ہیں تو اللہ رب العزت (بقیہ ص 61)

پہلوٹھی کے بچوں کے مسائل اور ان کا حل

تحریرو تحقیق: عبدالخالق عباس (کراچی)

''پیرومرشد سید میران شاہ بخاری''

بسم اللہ الرحمن الرحیم۔ قارئین محترم خزینہ روحانیات کو میری طرف سے السلام وعلیکم۔ آج میں آپ قارئین کی خدمت میں ایک نیا مضمون پیش کر رہا ہوں جس پر شاید کسی نے تحقیق نہیں کی ہوگی۔ الحمدللہ اپنے مرشد کی نظرِ کرم سے میں نے ''پہلوٹھی کے بچوں کے مسائل اور ان کا حل'' پر کافی ریسرچ کی ہے اور اپنے روحانی علوم کے ذریعے اس کا حل بھی نکالا۔ الحمدللہ، اللہ رب العزت نے کامیابی دی۔ میرے استادوں نے بھی میری خاص راہنمائی فرمائی۔ اس روحانی ریسرچ کو آج میں آپ قارئین محترم کو ہدیہ کر رہا ہوں۔ آج سے پہلے کسی نے ایسے مضمون اور ایسے مسائل پر غور وفکر نہیں کی ہوگی۔ ادارے کے بانی محترم خالد مقبول صاحب کو اللہ صحت کلی وسلامتی عطا فرمائے اور ادارے کے تمام لوگوں کو سلامتی والی صحت دے۔ ادارے کو دن دوگنی، رات چوگنی ترقی عطا فرمائے کہ ان کے توسط سے میں آپ کو اپنی روحانی خدمات پیش کرتا ہوں۔ چلیں اب میں اپنے مضمون کی طرف آتا ہوں۔ بچے اللہ کی ایک خاص نعمت ہیں۔ پہلوٹھی کے بچے سے مراد پہلا بچہ لڑکا ہو یا لڑکی۔ اگر پہلی اولاد مر جائے اور دوسری اولاد لڑکا ہو یا لڑکی، وہ پہلوٹھی کے بچے نہیں کہلاتے۔ میں مزید پہلوٹھی کے بچوں کے بارے میں تشخیص کرتا ہوں۔ بیماری میں مبتلا رہنا، چڑ چڑا پن، کسی بھی کام میں دل نہ لگنا، اچانک غصہ آ جانا، لڑائی جھگڑا، ہر کام میں رکاوٹ اور سب سے الگ بات یہ ہے کہ اگر ان کی عمر 20 سال کی ہے تو دس سال کا بچہ لگتا ہے۔ تعلیم میں پیچھے، کمزور، گم سم رہنا، رات کو بے چینی میں رہنا اور نظرِ بد ان کو جلدی لگ جاتی ہے۔

روحانی علاج

اگر اچھے طریقے سے ان کا علاج ہو جائے تو بحکمِ اللہ، زندگی خوشحال اور تندرست وکامیاب ہو جائے گی۔ میں اللہ پاک کا شکر گزار ہوں کہ ماہنامہ خزینۂ روحانیات کے توسط سے میں اس کا علاج آپ قارئین محترم کو دے رہا ہوں۔ دعا ہے کہ نبی پاک ﷺ کے صدقے سے بچوں کو شفا مل جائے۔ آمین۔

۱۔ ہفتے کے دن سورج نکلنے کے آدھ گھنٹے بعد پانچ قسم کا اناج ......(۱) گندم (۲) چاول ٹوٹا (۳) ہری مونگ کی دال (۴) کالی ماش (۵) لال مسور کی دال ......ان تمام اناج کو سوا کلو لیں۔ اور پھر تین قسم کی سبزیاں (۱) پالک (۲) میتھی کا ساگ (۳) ہرا دھنیا......ایک ایک گڈی لیں۔

باوضو ہو کر پہلے اپنا حصار کریں۔ 4 قل ایک بار آیت الکرسی 21 بار پڑھ کر اپنے پر دم کریں۔ پھر بچے کو پاک صاف جگہ پر لٹا کر 8 مرتبہ ان تمام اشیاء کو اس پر سے واریں اور یہ اشیاء سمندر میں ڈال دیں یا پھر پرندوں کو ڈال دیں۔ یہ عمل تقریباً 8 ہفتے کریں۔ اگر ہو سکے تو سبزیاں بکروں کو ڈال دیں۔ 8 ہفتے گزار جانے کے اندر اندر آپ حالات دیکھ کر خود حیران ہو جائیں گے۔ 8 ہفتے گزار جانے کے فوراً بعد ایک کالی مرغی، پہلوٹھی کے بچے کو بولیں کہ اپنے دونوں ہاتھوں سے پکڑیں اور پیچھے کی طرف پھینک دیں۔ پھر چاند کا پہلا پیر آئے تو ایک سفید مرغی اسی طرح صدقہ کریں۔ ان شاء اللہ، زندگی میں جو آنے والی نحوست ہوگی، پہلوٹھی کے بچوں کے لیے وہ ٹل جائے گی۔

ایک نقش بھی دے رہا ہوں اور عمل بھی۔ یہ اسی عمل کا حصہ ہے۔ 8 ہفتے میں جتنے بھی جمعے آئیں، دو فقیروں کو لازمی اچھا کھانا کھلائیں۔ پھر باوضو نماز فجر کے بعد 92 بار درود شریف (ابراہیمی)، سورۃ جن 3 بار، 9 مسجدوں سے پانی جمع کر کے دم کریں۔ وہ اپنے بچے کو پلائیں۔ عروجِ ماہ نو چندی

جمعرات کو طلوعِ آفتاب کے آدھے گھنٹے بعد زعفران ومشک وعرق گلاب سے نیا نقش تیار کریں۔ اس نقش کو ہرے کپڑے میں رنگ والے دھاگوں سے لپیٹ کر موم جامہ کر کے گلے میں ڈالیں اور ہر جمعرات کو لوبان کی دھونی دیں۔ نقش یہ ہے:

سامنے کی طرف

۷۸۶

۵۸۳

کہیعص

١	٣.١٩٤١	١١	٨
١٢	٧	٢	٣.١٩٤٠
٦	٩	٣.١٩٤٣	٣
٣.١٩٤٢	٤	٥	١٠

حمعسق

فلاں بن فلاں کی ہر نحوست زائل ہو

العجل الساعۃ الوحا آمین

پشت کی طرف

۷۸۶

اللہ	باقی	جواد	دائم
١٥	٤٤	٦٧	١١٢
٤٣	١٢	١١٥	٦٨
١١٤	٦٩	٤٢	١٣

ان شاء اللہ، ہر قسم کی نحوست دفع ہو جائے گی۔ بچہ صحت مند ہونا شروع ہو جائے گا۔ اس روحانی عمل سے زندگی سنور جائے گی۔ امید ہے کہ آپ قارئین محترم کو میرا مضمون پسند آئے گا۔ مجھے اپنی خاص دعاؤں میں یاد رکھنا۔ شکریہ

کوئی تجھ سے کچھ کوئی کچھ مانگتا ہے
الٰہی میں تجھ سے طلبگار تیرا

بڑوں کی قدر کیجئے

مولانا حکیم سلیم اللہ ظفر صاحب

ہماری بہت بڑی بدقسمتی ہے کہ ہم اپنے بڑوں کی قدر اُن کی زندگی میں نہیں کر پاتے، ان کی قدر و قیمت اور ان کی اہمیت ہمیں ان کے دنیا سے چلے جانے کے بعد محسوس ہوتی ہے۔ ساری زندگی ان کی بلاوجہ مخالفت، ساری زندگی ان کے بے اکرامی، ساری زندگی ان کی بد احترامی، ساری زندگی ان کے متعلق بدکلامی، ساری زندگی ان کے لئے بدزبانی۔ کسی کا بڑا پن ہمیں برداشت نہیں، کسی کا اپنے سے آگے نکل جانا ہمیں برداشت نہیں، اپنے سے زیادہ کسی کی عزت وتکریم ہمیں برداشت نہیں، کسی کا اونچا نام، کسی کی شان وشوکت، کسی کا بڑا ادارہ، کسی کا چلتا ہوا کام، بڑھتی ہوئی مقبولیت ہمیں بالکل برداشت نہیں۔ کیا یہ تقدیر سے مقابلہ نہیں ہے؟ کیا یہ حسد نہیں ہے؟ کیا یہ اللہ کی تقسیم اور اس کی عنایات پر اعتراض نہیں ہے؟ کیا یہ خدائی فیصلوں اور خدائی معاملات میں دخل اندازی نہیں ہے؟ اگر ہے تو اس پر توجہ کرنی چاہئے، اللہ سے سچی معافی مانگنی چاہئے، ندامت کے آنسو بہانے چاہئیں، حسد کو چھوڑ دینا چاہئے، اپنے اندر وسعت ظرفی پیدا کرنی چاہئے، دل سے دوسروں کیلئے دعائیں کرنی چاہئیں، کسی کی بلاوجہ تنکیر بالکل نہیں ہونی چاہئے اور اس کی قدر و قیمت، اس کی اہمیت افادیت کو تسلیم کرنا چاہئے اور اللہ کی رضا پر راضی ہوتے ہوئے ان کو اور ان کے کام کو دیکھ کر خوش ہونا چاہئے۔ استاد محترم حضرت ڈاکٹر خالد مقبول صاحب حفظہ اللہ تعالیٰ، ان کے ادارے دار العمل چشتیہ، ماہنامہ خزینہ روحانیات اور ان کے سٹاف کی، ان کے کام کی ہمیں قدر کرنی چاہئے اور ان سے بھرپور فیض حاصل کرنا چاہئے۔ میری دعا ہے کہ اللہ میرے استاد محترم سیدی مرشدی حضرت ڈاکٹر صاحب کو عمر دراز نصیب فرمائے، دار العمل چشتیہ کا روحانی فیض پوری دنیا میں عام فرمائے، حاسدوں کے حسد سے اللہ ہمیشہ حفاظت فرمائے، آمین ثم آمین۔

میاں بیوی اپنا اپنا جائزہ لیں

بیوی اپنا امتحان لے

بہت سے شادی شدہ افراد اپنی ازدواجی زندگی سے مطمئن نہیں ہوتے، جتنے ہوسکتے تھے۔ محض اس لیے کہ بیوی میں کچھ ایسی عادتیں ہوتی ہیں جو بدلی تو جاسکتی ہیں لیکن ان کی طرف توجہ نہیں دی گئی۔ عام طور سے جو شوہروں کو شکایات ہوتی ہیں، ان کو مندرجہ ذیل سوالات کے ذریعہ پیش کیا جارہا ہے۔

ایک سادہ کاغذ پر سوالات کے آگے دیئے ہوئے نمبروں کو لکھتے جایئے۔ اور پھر ان کو جوڑ ڈالئے۔ اگر آپ واقعی ایک اچھی بیوی ہیں تو آپ کو 75 نمبر ملیں گے۔ اور اگر خراب بیوی ہیں تو 25 نمبر۔ اگر آپ کو 75 نمبر سے کم نمبر ملے ہیں تو سمجھ لیجئے کہ آپ کے شوہر کو بجا طور پر آپ سے شکایات ہیں۔

۱۔ کیا آپ اس بات کا خیال رکھتی ہیں کہ آپ کے شوہر کو وقت پر ناشتہ ملتا ہے؟

عموماً ۳ — کبھی کبھی ۲ — کبھی نہیں ۱

۲۔ کیا آپ اپنے شوہر کی خفگی کے باوجود ایسی باتیں کیے جاتی ہیں جن سے اسے چڑ پیدا ہوتی ہے؟

عموماً ۱ — کبھی کبھی ۲ — کبھی نہیں ۳

۳۔ اگر آپ کے شوہر کا کوئی ایسا مشغلہ ہے جو اسے تو بہت محبوب ہے لیکن آپ کو اس میں کوئی بھی دلچسپی نظر نہیں آتی تو کیا آپ اس مشغلہ کو برقرار رکھنے میں اس کی ہمت افزائی کرتی ہیں؟

عموماً ۳ — کبھی کبھی ۲ — کبھی نہیں ۱

۴۔ اگر آپ کا شوہر اپنی پریشانی آپ سے بیان کرتا ہے تو کیا آپ اس کی پریشانیوں میں شریک ہو کر اس کو اس بات کی ترغیب دیتی ہیں کہ وہ آئندہ بھی آپ کو اپنا شریکِ غم سمجھے؟

عموماً ۳ — کبھی کبھی ۲ — کبھی نہیں ۱

۵۔ کیا آپ کے شوہر کو آپ سے یہ شکایت رہتی ہے کہ آپ ہر وقت اس کے پیچھے پڑی رہتی ہیں؟

عموماً ۱ — کبھی کبھی ۲ — کبھی نہیں ۳

۶۔ اگر آپ کا شوہر ترقی کرنے کی جدوجہد کررہا ہے تو کیا آپ امید افزا باتیں کرکے اس کی ہمت بڑھاتی ہیں؟

عموماً ۳ — کبھی کبھی ۲ — کبھی نہیں ۱

۷۔ کیا کسی تقریب یا محفل میں آپ اپنے شوہر کے ساتھ جاکر زیادہ خوش ہوتی ہیں؟

عموماً ۳ — کبھی کبھی ۲ — کبھی نہیں ۱

۸۔ کیا آپ اپنے گھر میں آئے ہوئے مہمانوں کی اتنی خاطر داری کرتی ہیں کہ آپ کا شوہر آپ کی مہمان نوازی پر فخر محسوس کرتا ہے؟

عموماً ۳ — کبھی کبھی ۲ — کبھی نہیں ۱

۹۔ جس وقت بھی آپ کا شوہر اپنے کام یا دفتر سے گھر آتا ہے تو کیا اس وقت آپ صاف ستھرے کپڑے بدلے بغیر اس کے سامنے آجاتی ہیں؟

عموماً ۱ — کبھی کبھی ۲ — کبھی نہیں ۳

۱۰۔ کیا آپ اپنے شوہر میں ایسی صفات دیکھتی ہیں جو دوسرے مردوں کو اس

سے سیکھنا چاہیے؟

عموماً کبھی کبھی کبھی نہیں

۳ ۲ ۱

۱۱۔اگر آپ کا شوہر آپ کو کہیں لے جانا چاہتا ہے تو کیا عین وقت پر تیاری میں اتنا وقت صرف کر دیتی ہیں کہ وہ وقت پر نہ پہنچ پائے؟

عموماً کبھی کبھی کبھی نہیں

۱ ۲ ۳

۱۲۔کیا آپ گھر کی آمدنی کو اس اصول سے خرچ کرتی ہیں کہ مہینہ بھر آرام سے گزر جائے؟

عموماً کبھی کبھی کبھی نہیں

۳ ۲ ۱

۱۳۔کیا آپ نے اپنے گھر کا کوئی گوشہ یا چھوٹا سا کمرہ ایسا بنایا ہے جس کو شوہر اپنا کمرہ کہہ سکے؟

عموماً کبھی کبھی کبھی نہیں

۳ ۲ ۱

۱۴۔کیا آپ چڑچڑی رہتی ہیں؟

عموماً کبھی کبھی کبھی نہیں

۳ ۲ ۱

۱۵۔کیا آپ خوش گفتار ہیں؟ کیا آپ کی آواز نرم، سریلی اور خلوص سے بھرپور ہے؟

عموماً کبھی کبھی کبھی نہیں

۳ ۲ ۱

۱۶۔کیا آپ اپنے شوہر کو ایسے کپڑے پہننے پر زور دیتی ہیں، جن کو وہ پسند نہیں کرتا؟

عموماً کبھی کبھی کبھی نہیں

۱ ۲ ۳

۱۷۔کیا آپ اتنا کھانا پکاتی ہیں کہ آپ کا شوہر اور آپ کے بچے خوب سیر ہو کر کھالیں؟

عموماً کبھی کبھی کبھی نہیں

۳ ۲ ۱

۱۸۔کیا آپ بیماری کا بہانہ کر کے شوہر کی توجہ اپنی طرف مبذول کرنے کی کوشش کرتی ہیں؟

عموماً کبھی کبھی کبھی نہیں

۱ ۲ ۳

۱۹۔کیا آپ مقررہ رقم سے زیادہ اپنے کپڑوں اور آرائش پر خرچ کرتی ہیں؟

عموماً کبھی کبھی کبھی نہیں

۱ ۲ ۳

۲۰۔جب کبھی آپ بازار سے چیزیں خریدنے جاتی ہیں تو کیا اپنے شوہر کو تحفہ دینے کے لیے کوئی (چھوٹی سی کم قیمت کی سی) چیز لاتی ہیں؟

عموماً کبھی کبھی کبھی نہیں

۳ ۲ ۱

۲۱۔کیا آپ شوہر کو مجبور کرتی ہیں کہ وہ سماجی کاموں میں حصہ لے؟

عموماً کبھی کبھی کبھی نہیں

۳ ۲ ۱

۲۲۔کیا آپ اپنے بناؤ سنگھار میں محتاط رہتی ہیں؟

عموماً کبھی کبھی کبھی نہیں

۳ ۲ ۱

۲۳۔کیا آپ ایسی خوشبویات استعمال کرتی ہیں جو آپ کے شوہر کو پسند ہیں؟

عموماً کبھی کبھی کبھی نہیں

۳ ۲ ۱

۲۴۔کیا آپ اپنے شوہر کو اس کے دوستوں کے ساتھ باہر جانے دیتی ہیں؟

عموماً کبھی کبھی کبھی نہیں

۳ ۲ ۱

